★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
روزنامہ
وائس آف ایشیا
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | جمعتہ المبارک 30 اکتوبر 2026ء، 16 کاتک، 18 جمادی الاول 1448ء صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 233

اب ریاست میں نوکری نہیں ملے گی، محسن نقوی

ریاست مخالف بیانات سے فضل الرحمان کی عزت نہیں رہی

وزیر دفاع سے سوال کیا گیا ان کے علم میں نہیں تھا، ان کو اس لئے علم نہیں تھا کہ کیونکہ دفاع سے متعلق بات نہیں ہوئی، وزیراعظم نے خصوصی ٹاسک دیا اس لئے گیا، مجھے باہر جانے کا شوق نہیں ہے

جے یو آئی کافی دنوں سے میرے اوپر تبصرے کر رہی ہے، میں ذاتی طور پر مولانا فضل الرحمان کا دل سے احترام اور عزت کرتا تھا، لیکن کل جب انہوں نے کہا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، وہ احترام ختم ہو گیا، وزیر داخلہ

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کی بہت عزت کرتا تھا، ریاست مخالف باتیں کرنے کے بعد میرے دل میں ان کی کوئی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی۔ سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ عرصے سے میرے خلاف مہم چل رہی رہی، کہا گیا کہ ہم ایران کوئی دفاعی معاہدہ کرنے گئے تھے، ہم دفاعی معاہدہ کرنے نہیں موجودہ بحران کے سلسلے میں گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر دفاع سے سوال کیا گیا ان کے علم میں نہیں تھا، ان کو اس لئے علم نہیں تھا کہ کیونکہ دفاع سے متعلق بات نہیں ہوئی، وزیراعظم نے خصوصی ٹاسک دیا اس لئے گیا، مجھے باہر جانے کا شوق نہیں ہے، مولانا صاحب نے اداروں کے حوالے سے غلاظت بکی۔ کامران مرتضیٰ نے وزیر داخلہ کے الفاظ پر اعتراض کیا، محسن نقوی نے کہا کہ جب تک یہ ریاست سے مال لے لیں ریاست اچھی ہوتی ہے، جب مال نہ ملے تو پھر خلاف ہو جاتے ہیں، یہ تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کا حوصلہ بھی رکھیں، یہ اسلام کو بزنس کے لئے اور سیاست کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ جے یو

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

وزیراعظم نے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیدی

وزیراعظم کی توسیعی منصوبوں کو معینہ مدت میں مکمل کرنے اور بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم نے ایئرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے لاہور اور کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

محفوظ پنجاب ویژن کے تحت جرائم کا خاتمہ یقینی بنایا جائے، آئی جی

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس، اہم انتظامی و پالیسی امور کا جائزہ، پولیس افسران واہلکاروں کیلئے رہائشی سہولیات میں اضافے، خواتین پر تشدد اور زیادتی کے مقدمات کی تفتیش بہتر بنانے پر غور

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل انسپکٹرز جنرل، تمام شعبوں اور فیلڈ یونٹس کے سربراہان، ڈپٹی انسپکٹرز جنرل، اسسٹنٹ انسپکٹرز جنرل سمیت دیگر سینئر

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

آئی جی پنجاب عبدالکریم سے ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں گولڈ میڈل جیتنے والی پاکستان پولیس والی بال ٹیم کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کی ملاقات، آئی جی پنجاب نے فاتح ٹیم کے مینیجر، کوچز، ٹرینرز سمیت 12 کھلاڑیوں کو کیش انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں گولڈ میڈل جیتنے والی پاکستان پولیس والی بال ٹیم کے مینیجر، کوچز، ٹرینرز اور کھلاڑیوں نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے فاتح ٹیم کے مینیجر، کوچز،

باقی صفحہ 3 بقیہ 19

پنجاب پولیس میں ویٹنگ لسٹ سے بھرتی ہونے والے 2584 کانسٹیبلز کی تنخواہوں کا معاملہ حل، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ون ٹائم ویور کے تحت تنخواہوں کے اجرا کی منظوری

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب پولیس میں ویٹنگ لسٹ سے بھرتی ہونے والے 2584 کانسٹیبلز کی تنخواہوں کے اجرا کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے گزشتہ دنوں منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ان کانسٹیبلز کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 20

زرعی انقلاب پنجاب میں: مریم نواز کا اپنی سالگرہ پر کاشتکاروں کو بڑا تحفہ، فلاح و بہبود کیلئے 10 بڑے اعلانات

پہلا اپنا کسان بینک قائم، بیوٹ کے تحت 5 کروڑ تک قرض، ڈی اے پی کی خریداری کیلئے فی ایکڑ لون میں اضافہ، پوٹھوہار ٹرانسفارمیشن پیکیج

ملکی معاشی ترقی کا پہیہ کاشتکار کے بغیر نہیں چل سکتا، پنجاب فوڈ باسکٹ، گندم کے امدادی نرخ 4500 روپے پر عملدرآمد یقینی بنائینگے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سالگرہ کا دن کاشتکار بھائیوں کے نام کر دیا، پنجاب میں زرعی انقلاب برپا کرنے کیلئے کاشتکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے 10 بڑے اعلانات کر دیئے، کاشتکاروں کیلئے پہلا "اپنا کسان بینک" قائم، بیوٹ کے تحت 5 کروڑ تک قرض، ڈی اے پی کی خریداری کیلئے فی ایکڑ لون میں اضافہ، پوٹھوہار ٹرانسفارمیشن پیکیج، گندم کے امدادی نرخ 4500 روپے پر عملدرآمد یقینی بنانے، کسان کارڈ کے ذریعے ڈی اے پی سپورٹ پروگرام، ڈی اے پی کی خریداری کیلئے فی ایکڑ لون میں 3500 روپے اضافہ، کسان کارڈ پر کاشتکار کو 30 ہزار فی ایکڑ سے بڑھا کر 33500 کرنا شامل ہے، 17 ارب کے لون سے 50 لاکھ ایکڑ مالکان مستفید ہوں گے، مریم نواز نے پنجاب بھر میں پانی چوری کیخلاف مہم جاری رکھنے، نہروں کی بھل صفائی کیلئے اقدامات کا اعلان، کاشتکار بھائیوں سے سموگ کے خاتمے کیلئے فصلوں کی باقیات نہ جلانے کیلئے معاونت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ملکی معاشی ترقی کا پہیہ کاشتکار کے بغیر نہیں چل سکتا، پنجاب فوڈ باسکٹ، 70 فیصد غذائی ضروریات پوری کر رہا ہے، کسان کارڈ کاشتکار بھائیوں سے محبت کا ثبوت، کاشتکار کو کھاد، بیج، پیسٹی سائیڈ کیلئے در بدر ہونے سے بچانے کیلئے کسان کارڈ شروع

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

آپ فرعون سے طاقتور نہیں، وہ بھی ہار گیا تھا، ملک ایسے نہیں چل سکتا، محمود اچکزئی

خواجہ آصف، پیپلز پارٹی سمیت آپ سب سن رہے ہیں اس ایوان کو اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں



اسلام آباد (وائس آف ایشیا) اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ آپ سے جب بات کرتے ہیں آپ گالیاں دینا شروع ہو جاتے ہیں، حنیف عباسی کعبہ شریف گئے ہیں بتائیں کتنے پیسے دیئے ووٹ کیلئے؟ میں نے مطالبہ کیا تھا کہ اس حکومت میں کتنی کرپشن ہوئی ایک کمیٹی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خواجہ آصف، پیپلز پارٹی

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

امریکی سفارتی وعدوں کی حقیقت بے نقاب، کوئی ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کر سکتا، ایران

عوام کے حوصلے بلند، موجودہ صورتحال سے نکلنے کیلئے سپریم لیڈر کی ہدایات پر عمل کیا جائیگا، مسعود پزشکیان

امریکہ کی مکرنے کی طویل تاریخ، 4 ملکی اجلاس امن و سلامتی کیلئے اہم موقع ہے، عباس عراقچی، اسماعیل بقائی

تہران (وائس آف ایشیا) صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ خطے کی موجودہ صورتحال سے نکلنے کیلئے سپریم لیڈر کی ہدایات پر عمل کیا جائے گا اور ایران کے مستقبل کا تعین بھی انہی ہدایات کے مطابق ہوگا، مسعود پزشکیان نے کہا حکومت سپریم لیڈر کی ہدایات پر عملدرآمد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے گی، دشمن دبا، دھمکیوں کے ذریعے ایرانی عوام کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، دباؤ ڈال کر ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، ترجمان وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا واشنگٹن کی سفارتکاری سے بے اعتنائی ایک بار پھر واضح، ٹرمپ نے اعتراف کیا اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر کبھی یقین نہیں تھا، مذاکرات کو وقت کا ضیاع سمجھا امریکی سفارتی وعدوں کی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے، امریکہ کی وعدوں سے مکرنے کی طویل تاریخ وہ اپنے مفادات کیلئے بین الاقوامی ذمہ داریوں کو نظر انداز کرتا ہے، وعدہ خلافیوں کو کسی صورت درست قرار نہیں دیا جا سکتا، بین الاقوامی قانون کا اطلاق من پسند انداز میں نہیں ہونا چاہیے، یورپی ممالک امریکہ کو جواب دہی سے بچا رہے ہیں، وعدوں کی خلاف ورزی کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جا سکتا، وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا 4 ملکی اجلاس خطے میں امن و سلامتی کیلئے مذاکرات آگے بڑھانے کا اہم موقع، مشاورتی عمل جاری رکھنے پر اتفاق

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

ایسی بلیک میلنگ ہے کہ بلیک میلر بھی شرما جائیں، کوئی اپنی ماں کو تو نہیں کہہ سکتا، حنیف عباسی

اس پارلیمان میں ایسی بلیک میلنگ ہو رہی ہے کہ بلیک میلر بھی شرما جائے، وزیر ریلوے کی بھی مولانا فضل الرحمان پر تنقید



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ اس پارلیمان میں ایسی بلیک میلنگ ہو رہی ہے کہ بلیک میلر بھی شرما جائے، ہماری مائیں نہیں بلے اور چڑی چھکے سے بھی مارا کرتی تھیں، رات کی تاریکی میں بھی اپنی ماں کو کوئی تو نہیں کہہ سکتا۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

مجھے طعنہ دیتے ہیں، فضل الرحمان بھی کچھ شرم کریں، خواجہ آصف کا مولانا کو جواب

منہ نہ کھلوائیں، واحد جماعت ہے جس نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ بنایا ہے، حکومت میں حصہ دیا جاتا تو مولانا تقریر نہ کرتے

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سال سوا سال میں جنگ کی فتح کے بعد ایک کردار صلح کا ادا کیا ہے تاکہ خطے میں امن قائم ہو سکے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کو جواب دینا چاہتا ہوں، تہران میں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز موجودہ صورتحال اور حکومت کے طرز عمل کے زاویے پر مولانا فضل الرحمان نے تبصرہ کیا، میں چاہتا تھا ان کا جواب اسی طرح ایوان کے سامنے رکھوں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ انہوں نے میرے لئے کنسرن شو کیا ہے میں اس کے لئے مشکور ہوں، تہران کے اندر کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سال سوا سال میں جنگ کی فتح کے بعد ایک کردار صلح کا ادا کیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، بلاول بھٹو

قائد حزب اختلاف واقعی ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف واقعی ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

جولائی تا ستمبر پیٹرول کی یومیہ پیداوار 7 ہزار 35، فروخت 21 ہزار 583 میٹرک ٹن ریکارڈ

حکومت نے جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران پیٹرول اور ڈیزل کی پیداوار اور فروخت کے اعداد و شمار سینیٹ میں پیش کر دیے

سندھ میں پیٹرول کی یومیہ پیداوار ایک ہزار 592 میٹرک ٹن، فروخت 4 ہزار 567 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت پیٹرولیم نے بتایا ہے کہ ملک میں جولائی تا ستمبر 2026 پیٹرول کی یومیہ پیداوار 7 ہزار 35 میٹرک ٹن جبکہ فروخت 21 ہزار 583 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی۔ وفاقی وزارت پیٹرولیم نے جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی پیداوار اور فروخت کے اعداد و شمار سینیٹ میں پیش کر دیے ہیں، جس میں بتایا گیا ہے کہ جولائی تا ستمبر ملک میں پیٹرول کی یومیہ پیداوار 7 ہزار 35 میٹرک ٹن رہی جبکہ فروخت 21 ہزار 583 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی۔ سینیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے اٹھائے گئے سوالات پر جمع

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

بیریئر ہٹانے اور کار سرکار میں مداخلت کیس: ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو 10،10 سال قید کی سزا

عدالت نے تین مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم دیا، ایمان مزاری اور ہادی علی پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بیریئر ہٹانے اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس میں مختلف دفعات کے تحت ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو مجموعی طور پر 10، 10 سال قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے 3 مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

روس کا یوکرین میں ریلوے اسٹیشن پر ڈرون حملہ: 13 افراد ہلاک اور متعدد زخمی

ڈنیپرو (وائس آف ایشیا) یوکرین کے شہر ڈنیپرو میں ریلوے اسٹیشن پر روس کے ڈرون حملے میں کم از کم 13

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

آبنائے ہرمز میں 3 آئل ٹینکر زبارودی سرنگ سے ٹکرا گئے: خوفناک آگ بھڑک اٹھی

تہران (وائس آف ایشیا) ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تین

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے، لگتا ہے جواب دینے کی ہدایت آئی، عالیہ کامران

حنیف عباسی خانہ بدوش ہیں، جہاں گھاس پھوس ملے ادھر چلے جاتے ہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) جے یو آئی ف کی رکن عالیہ کامران نے کہا ہے کہ جب کل مولانا تقریر کر رہے تھے تو خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے، اس وقت جواب دیتے، لگتا ہے ان کو کوئی ڈائریکشنز آئی ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار، سمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن

2500 جنگلی پرندے بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

پنجاب وائلڈ لائف ایکٹ کے تحت رائیونڈ میں گرفتار پرندوں کے سمگلروں کو بھاری جرمانے اور قید کی سزا کا سامنا

کارروائی میں تین موٹر سائیکلیں اور بانسوں کے پولز پر مشتمل دو بڑے نیٹ سیٹ اپس بھی قبضے میں لے لئے، ذرائع

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور میں جنگلی پرندوں کی غیر قانونی ٹیٹنگ اور سمگلنگ کے خلاف محکمہ جنگلی حیات و پارکس پنجاب کا بڑا کریک ڈاؤن، رائیونڈ کے قریب دریائی علاقے سے 2500 جنگلی پرندے بازیاب، 3 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ پنجاب وائلڈ لائف ایکٹ کے تحت رائیونڈ میں گرفتار پرندوں کے سمگلروں کو بھاری جرمانے اور قید کی سزا کا سامنا، محکمہ جنگلی حیات نے ملزمان کو سخت ترین سزا دلوانے کیلئے مقدمے کی قانونی پیروی تیز کر دی، تفصیلات کے مطابق محکمہ جنگلی حیات و پارکس پنجاب نے لاہور میں جنگلی پرندوں کی غیر قانونی ٹیٹنگ، شکار، سمگلنگ اور مبینہ تجارتی فروخت کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے تحصیل رائیونڈ کے مضافاتی علاقے خطار روڈ کے قریب دریائی علاقے میں چھاپہ مار کر تقریباً 2500 جنگلی پرندے بازیاب کرا لئے

باقی صفحہ 3 بقیہ 3

KP میں کسی سیاسی جماعت کی اختیار میں شراکت نہیں، طارق فضل چوہدری

گورنر راج 6 ماہ بعد اٹھا لیا جائے گا

دروازے بات چیت کیلئے کھلے، مستحکم، مضبوط، خوشحال پاکستان کے 3 نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے میں بھارت، افغانستان پیش پیش، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ایک ہونا ہوگا، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ مستحکم، مضبوط اور خوشحال پاکستان کے 3 نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی، دروازے بات چیت کیلئے کھلے ہیں، کے پی میں کسی سیاسی جماعت کی اختیارات میں شراکت نہیں، گورنر راج 6 ماہ بعد اٹھا لیا جائے گا، امن قائم ہونے پر ایمرجنسی بھی اٹھا لیں گے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا پاکستان کو غیر مستحکم کرنے میں کچھ ممالک دہشتگردوں کے معاون، بھارت، افغانستان پیش پیش ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ایک ہونا ہوگا، کشمیر اور پاکستان میں فاصلے پیدا نہیں ہونے دیں گے، کے پی میں نظم و نسق امن کیلئے سنبھالا گیا، کسی اور چیز سے نہ جوڑیں، نہیں ہو سکتا 3 صوبے سکیورٹی فورسز کیساتھ اور ایک صوبہ الگ چلے اب بھی کہتے ہیں افغانستان اپنی ذمہ داری کا احساس کرے، دہشتگردوں کی محفوظ ٹھکانے ختم اور دراندازی بند کرائے۔



اسحاق ڈار سے سیکرٹری جنرل مکہ دفاعی لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود ملاقات کر رہے ہیں۔

28 ویں ترمیم پر تمام سیاسی جماعتوں کیساتھ اتفاق رائے پیدا کرینگے، وزیر قانون

پی پی کیساتھ بلز پر کوئی اختلاف نہیں، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی بھی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟

معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے پروڈکشن آرڈر جاری کرنا سپیکر کا اختیار ہوتا ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے 28 ویں ترمیم پر تمام سیاسی جماعتوں کیساتھ اتفاق رائے پیدا کریں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا 28 ویں ترمیم کا ابھی کوئی مسودہ تیار نہیں ہوا، تمام سیاسی جماعتوں کیساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کر کے آگے بڑھیں گے، پیپلز پارٹی، حکومت کے درمیان بلز پر کوئی اختلاف نہیں، کابینہ میں شامل جماعتوں کے ساتھ بلز پہلے ہی زیر بحث آ جاتے ہیں، اتحادی جماعتوں کو خوش دلی سے بریفنگ دی جاتی ہے، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی بھی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟ وزیر قانون نے کہا معاملے کی حساسیت کو

باقی صفحہ 3 بقیہ 2



جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ون چائنا پالیسی کی تائید، تائیوان کی ایئر لائنز کیلئے پاکستانی فضائی حدود بند کرنے کا فیصلہ واپس

ایئر لائنز ایوا ایئرویز کارپوریشن، چائنا ایئر لائنز لمیٹڈ کو 27 مارچ تک فضائی حدود کے استعمال کی اجازت

ملکی ایوی ایشن ڈویژن ون چائنا پالیسی پر عمل پیرا، صرف چینی ایئر لائنز کو پرواز کی اجازت ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) ون چائنا پالیسی کی تائید، پاکستان نے تائیوان کی ایئر لائنز کیلئے فضائی حدود مکمل بند کرنے کے بعد فیصلہ تبدیل کرتے ہوئے پروازوں کو ملکی فضائی حدود کے استعمال کی اجازت دیدی، بلومبرگ کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی نے تائیوان کی ایئر لائنز ایوا ایئرویز کارپوریشن، چائنا ایئر لائنز لمیٹڈ کو 28 اکتوبر سے 27 مارچ تک فضائی حدود کے استعمال کی اجازت دی، قبل ازیں بلومبرگ سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ملکی ایوی ایشن ڈویژن ون چائنا پالیسی پر عمل پیرا ہے، صرف چینی ایئر لائنز کو پاکستان کے اوپر سے پرواز کرنے کی اجازت دی۔

پنجاب: دفعہ 144 کے تحت کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر پابندی عائد

انٹیلی جنس، قانون نافذ کرنیوالے ادارے مستثنیٰ، ہالز، مارکیز میں تقریبات کی کوریج کیلئے چھوٹے ڈرون کی اجازت

ضلعی سطح پر "سیف ڈرون یوزیج کمیٹی" قائم، ضلعی انتظامیہ، پولیس پابندی پر عملدرآمد یقینی بنائے، محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبے بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر ضابطہ فوجداری 1898 کے سیکشن (6)144 کے تحت 30 روز کیلئے پابندی عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے آٹ ڈور استعمال پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا، ہالز، مارکیز کے اندر تقریبات کی کوریج کیلئے چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہوگی تاہم اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی مکمل ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی، انٹیلی جنس، قانون نافذ کرنے والے ادارے پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے، محکمہ داخلہ کے ترجمان نے کہا ڈرون کے محفوظ استعمال کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی سطح پر "سیف ڈرون یوزیج کمیٹی" تشکیل دیدی، زرعی، آبپاشی، تحقیقی مقاصد کیلئے ڈرون کے محفوظ استعمال کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 1



ایرانی عدالت نے ایوارڈ یافتہ فلمساز کو 5سال قیدکی سزا سنادی

2سال کے لیے ملک چھوڑنے اور سوشل میڈیا پرکسی بھی قسم کی سرگرمی میں حصہ لینے پر بھی پابندی عائد

تہران (وائس آف ایشیا)ایران کی عدالت نے ایوارڈ یافتہ معروف ہدایت کار اور فلم ساز جعفر پناہی کو 5سال قید کی سزا سنادی۔ایرانی خبر رساں ادارے نے جعفر پناہی کے وکیل کے حوالے سے بتایا ہیکہ ایران کی انقلابی عدالت نے جعفر پناہی کے تمام اثاثے ضبط کرنیکا حکم دینے کے ساتھ 2سال کے لیے ملک چھوڑنے اور سوشل میڈیا پرکسی بھی قسم کی سرگرمی میں حصہ لینے پر بھی پابندی عائدکر دی ہے۔عدالتی میڈیا کے مطابق ایرانی خبر رساں ادارے نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ،جنہیں پناہی پر عائد الزامات کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔خیال رہیکہ 66سالہ زیادہ معروف ہدایت کاروں میں شمار ہوتے ہیں۔گزشتہ 20برس کے دوران وہ ایرانی حکام کی جانب سے بار بار ٹیل لگیے جانے ، بیرون ملک سفر پر پابندی عائد کیے جانے اور حبس میں بھی رکھے جانے کے باوجود وہ فلمیں بناتے رہے ہیں۔



وکی عملی طور پر، میں نظریاتی طور پر سمجھ دار ہوں، کترینہ کیف

وکی خانداني اقدار کو اہمیت دیتے ہیں اور دیانت داری کو اپنی زندگی کا حصہ بنائے ہوئے ہیں،اداکارہ

ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی وڈ کی معروف اداکارہ کترینہ کیف نے اپنے شوہر اداکار وکی کوشل کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ایک بہترین شوہر اور شاندار باپ قرار دیا ہے۔کترینہ کیف نے حال ہی میں ورگ منیجرز کو دیے گئے انٹرویو میں بیٹے کی پیدائش کے بعد شوہر اداکار وکی کوشل کے رویے کے بارے میں بات کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ وکی کوشل کم عمری میں ہی غیر معمولی سمجھ بوجھ رکھتے ہیں، خاندانی اقدار کو اہمیت دیتے ہیں اور دیانت داری کو اپنی زندگی کا حصہ بنائے ہوئے ہیں۔اداکارہ نے دلچسپ انداز میں کہا کہ وکی کوشل بظاہر بہت ذمہ دار ہیں جبکہ میں تکنیکی طور پر سمجھ دار ہوں۔انہوں نے کہا کہ وکی کوشل کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ مجھے میری شخصیت کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی دیتے ہیں اور میری بات توجہ سے سنتے ہیں۔کترینہ کیف نے اپنے دیوبان کے ساتھ وکی کوشل کی توجہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ وکی روزانہ 18 گھنٹے کام کرنے کے باوجود بھی گھر آ کر گھنٹے اور بیٹے کو پوری توجہ دیتے ہیں جو کہ کسی غیر معمولی خوبی سے کم نہیں۔انہوں نے بتایا کہ بیٹے کی پیدائش کے بعد ہمارے روٹین فزر اور مووی نائٹس کی مال ہو گئی ہیں، تاہم کبھی کبھی ہمیں یقین دلاتے رہتے ہیں کہ وقت کے ساتھ یہ معمولات دوبارہ زندگی کا حصہ بن جائیں گے۔واضح رہے کہ کترینہ کیف اور وکی کوشل نے 9دسمبر 2021 کو شادی کی تھی، جبکہ 7نومبر 2025 میں ان کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی، جوڑے نے اپنے بیٹے کا نام دیہان کوشل رکھا ہے۔



صدارتی ایوارڈ یافتہ پشتو گلوکار گلریز تبسم انتقال کرگئے

گلریز تبسم کے انتقال سے پشتو موسیقی ایک ممتاز فنکار سے محروم ہوگئی ہے،گورنر کے پی کے



پشاور(وائس آف ایشیا)صدارتی ایوارڈ یافتہ پشتو گلوکار گلریز تبسم دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے۔ان کی عمر 75برس تھی۔گورنر فیصل کریم کنڈی اور مشیر اطلاعات شمر بارون بلور نے گلوکار گلریز تبسم کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔گورنر کے پی نے کہا کہ گلریز تبسم کے انتقال سے پشتو موسیقی ایک ممتاز فنکار سے محروم ہوگئی ہے۔

معروف فنکار و مزاح نگار فاروق قیصر عرف انکل سرگم کا 81واں یوم پیدائش 31 اکتوبر کو منایا جائے گا

فیصل آباد (وائس آف ایشیا)پاکستان کے معروف فنکار و مزاح نگار فاروق قیصر عرف انکل سرگم کا81واں یوم پیدائش31اکتوبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت مختلف شہروں میں ان کے مداحوں کی جانب سے منعقد تقریبات میں انکل سرگم کی یاد تازہ کی جائے گی۔فاروق قیصر 31 اکتوبر 1945 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے وہ کام، چلو، ڈائریکٹر، کچھ چٹی سازا، اسکریپٹ رائٹر اور وائس ایکٹر بھی تھے جبکہ انہوں نے بہت سی مزاحیہ کتابیں بھی لکھیں۔فاروق قیصر کو 1970 ء میں پہلی مرتبہ اُردو کلچر کے ذریعے پاکستان ٹیلی ویژن پر متعارف کرایا گیا جبکہ انہیں اصل شہرت 1976 ء میں پی ٹی وی کے مزاحیہ پروگرام "فنکار" سے حاصل ہوئی۔ان کے تخلیق کردہ کردار "انکل سرگم" 31 اکتوبر 1945 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے وہ کام، چلو، ڈائریکٹر، کچھ چٹی سازا، اسکرپٹ رائٹر اور وائس ایکٹر بھی تھے جبکہ انہوں نے بہت سی مزاحیہ کتابیں بھی لکھیں۔فاروق قیصر کو 1970 ء میں پہلی مرتبہ اُردو کلچر کے ذریعے پاکستان ٹیلی ویژن پر متعارف کرایا گیا جبکہ انہیں اصل شہرت 1976 ء میں پی ٹی وی کے مزاحیہ پروگرام "فنکار" سے حاصل ہوئی۔انکل سرگم اور ذاکر کے کرداروں کے اعتراف میں 1993 میں صدارتی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔فاروق قیصر کی خدمات کے اعتراف میں 1993 میں صدارتی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔فاروق قیصر روواں سال یوم پاکستان پر صدر مملکت پہلی مرتبہ آئی جی خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز سے نوازا تھا۔ فاروق قیصر المعروف انکل سرگم 14 اگست 2021ء کو حرکت قلب بند ہونے سے 75 برس کی عمر میں انتقال کرگئے۔

کراچی میں لڑکیاں آزاد نہیں، حنا الطاف

اداکارہ کا کہنا ہے کہ یہاں تک کہ سڑکوں پر چلنا بھی مشکل ہے

کراچی(وائس آف ایشیا)پاکستانی اداکارہ حنا الطاف نے کراچی میں خواتین کی آزادی اور روزمرہ زندگی سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے شہر کو ٹیل قرار دے دیا۔حال ہی میں لندن میں چھٹیاں گزارنے والی اداکارہ نے پاکستان واپسی سے چند ہفتے قبل ایک ویڈیو شیئر کی، جس میں انہوں نے اپنے سفر کا تجربہ شیئر کیا۔حنا الطاف نے کہا کہ کراچی کی فلائٹ سے پہلے سوہا لندن میں آخری ناشتہ کر لوں، کیونکہ اس کے بعد دوبارہ کراچی کی ٹیل میں قید ہونا ہے۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں لڑکیاں سڑکوں پر چلنا بھی مشکل ہے۔انہوں نے اُمید کی آزادی سے زندگی گزارنے کا خواب دیکھا ہے، لیکن یہاں تک کہ اکیلا سفر کرنا بھی ایک خواب ہے۔اداکارہ کے بیان پر سوشل میڈیا صارفین کا ملا جلا ردعمل سامنے آیا ہے۔ بعض نے ان کے مؤقف کی حمایت کی، جبکہ دیگر نے اپنے شہر سے متعلق ان کے الفاظ پر تنقید کی۔



پاکستانی اداکار فاران طاہر کی 18 سال بعد ہالی ووڈ میں بڑی واپسی

سیریز کی نئی قسط میں وہ مشکل ساتھیوں کے ہمراہ ویژن کو پکڑنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں

پالاہور(وائس آف ایشیا)پاکستانی نژاد امریکی اداکار فاران طاہر نے ایک بار پھر ہالی ووڈ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے جا رہے ہیں۔ 18 سال بعد مارول کی دنیا میں واپسی کر رہی ہے۔فاران طاہر مارول اسٹوڈیوز کی مشہور سیریز 'ویژن کوئسٹ' کی چوتھی قسط میں ایک بار پھر مرکزی کردار میں نظر آئے گے۔اداکار نے 2008 کی ایک سپر ہٹ فلم 'آئرن مین' میں بھی شمولیت کی تھی، جس میں انہوں نے ٹوئی اسٹارک کو اغوا کیا تھا۔ اب 18 سال بعد فاران طاہر اسی کردار کے ساتھ واپس آئے ہیں، تاہم اس بار ان کا انداز اور طریقہ پہلے سے مختلف ہے۔سیریز کی نئی قسط میں وہ نئے ساتھیوں کے ہمراہ ویژن کو پکڑنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں، جبکہ یہ کوشش ناکام ثابت ہوتی ہے۔مارول کی دنیا میں فاران طاہر کی واپسی پاکستانی شوبز انڈسٹری کے لیے بھی کافی فخر کی خبر ہے، کیونکہ وہ طویل عرصے بعد پاکستانی فنکاروں کی نمائندگی کر رہے ہیں۔



گلوکارہ حمیرا ارشد دمام، ریاض اور جدہ میں فن کا مظاہرہ کریں گی

بیرون ملک رہنے والا ہر پاکستانی اپنے ملک کا سفیر ہے، گلوکارہ

ریاض (وائس آف ایشیا)معروف پاکستانی گلوکارہ حمیرا ارشد سعودی عرب پہنچ گئیں ہیں جہاں دمام، ریاض اور جدہ میں ان سمیت ذیشان رونکیزی اور دیگر پاکستانی فنکاروں کے میوزیکل پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔دمام آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حمیرا ارشد نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی محبت اپنی سعودی عرب کھینچ لائی ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے وطن سے گہری محبت اور وابستگی رکھتے ہیں۔گلوکارہ کا کہنا تھا کہ ہر بیرون ملک رہنے والا ہر پاکستانی اپنے ملک کا سفیر ہے، اس لیے سب کو چاہیے کہ اپنے اچھے کردار اور رویے سے دنیا بھر میں پاکستان کی مثبت تصویر پیش کریں اور ملک کا نام روشن کریں۔پاکیزان کے زیر اہتمام دمام، ریاض اور جدہ میں منعقد ہونے والے نائٹس



کھیل کھلاڑی

رونالڈو نے میسی کو پیچھے چھوڑ دیا، 2008 کا بیلن ڈی اور کو 70ویں سالگرہ کے موقع پر متعارف کرائے گئے خصوصی ایوارڈ میں رونالڈو پہلے نمبر پر رہے

دوسرے نمبر پر رہے جب انہوں نے ایک کیلنڈر ایئر میں ریکارڈ 91 گول کیے تھے جبکہ رونالڈو کا 2017 میں ریال میڈرڈ کے ساتھ بیزن تیسرے نمبر پر آیا۔تاہم ووڈنگ کے اس طریقہ



پرتگال(وائس آف ایشیا)پرتگال کے اسٹار شوٹنگ سٹیارہ رونالڈو نے ایک بار پھر اپنے دیرینہ حریف لیونل میسی کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔فٹبال ایسوسی ایشن کے بیلن ڈی اور 2008 کے شاندار بیزن کو بیلن ڈی اور پہلے دیے جانے والے تمام ایوارڈز میں بہترین قرار دیا گیا ہے۔فرانس فٹبال کی جانب سے دیا جانے والا بیلن ڈی اور کی 70ویں سالگرہ کے موقع پر متعارف کرائے گئے خصوصی ایوارڈ کی اب اسے دی گئی ہے۔ اس ایوارڈ کے لیے شائقین نے ووٹنگ کی جس میں رونالڈو پہلے نمبر پر رہے۔واضح رہے کہ آپ ووٹ دینے کے لیے ایک یورپ فٹبال میگزین کے شائقین متعدد بار ووٹ دے سکتے تھے۔رجحانات کے لیحاظ سے 2012 کے بیزن کے ساتھ ساتھ 2013 کے بیلن ڈی اور کے لیے 42 ممالک کے 50 صحافیوں نے ووٹ دیا تھا۔ان میں سے ہر ایک نے اپنے پہلے 5 پسندیدہ کھلاڑیوں کے نام بتائے تھے۔ان ووٹوں کی بنیاد پر ہی رونالڈو کو فاتح قرار دیا گیا ہے۔

چیئرمین پی سی بی کی جانب سے سہ ملکی سیریز کی ٹیموں کے اعزاز میں عشائیہ

لاہور(وائس آف ایشیا)چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے ملکی چیرز میں حصہ لینے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔شاہی قلعہ لاہور میں ہونے والے عشائیے میں آفیشلز، سری لنکا اور پاکستان ٹیم کے کھلاڑی شامل مہمان بنے جن کا شاہی استقبال ہوا تو شاہی تواضع بھی کی گئی۔تقریب میں کھلاڑیوں، کوچنگ اور مینجمنٹ اسٹاف نے شرکت کی، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے عالمگیری دروازے پر تمام ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کو خوش آمدید کہا۔اس موقع پر کھلاڑیوں اور سٹاف ارکان، چیف سکیورٹی آفیسر پنجاب سانگ چیئرمین پی سی بی ڈاکٹر ذکیہ، اشرف، ریمز بانو، سابق کرکٹرز، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل اور اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



پاکستان کا ایوبھ ہاکی فائیو ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ، وجوہات بھی سامنے آ گئیں

پی ایچ ایف نے روایتی ہاکی، انڈور 15 ٹیم کی تیاری، کھلاڑیوں کی فٹنس اور پلیئرز ڈیولپمنٹ کو اپنی ترجیحات میں شامل کر لیا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا)پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ممبر میں شیڈول ایف آئی ایچ پوئم ہاکی فائیو ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی وجوہات بھی سامنے آ گئیں۔ذرائع کے مطابق پی ایچ ایف نے گزشتہ دنوں ہونے والے اجلاس میں روایتی ہاکی، انڈور 15 ٹیم کی تیاری، کھلاڑیوں کی فٹنس اور پلیئرز ڈیولپمنٹ کو اپنی ترجیحات میں شامل کر لیا ہے۔ذرائع کے مطابق پی ایچ ایف نے فیصلہ کیا ہے کہ ہاکی فائیو ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرکے کھیلنے کی بجائے ان تمام توانائیوں کو روایتی ہاکی اور انڈور 15 ٹیم کی تیاری پر مرکوز کیا جائے۔ذرائع کے مطابق پاکستان کے پاس پہلے ہی فائیو ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کر چکا ہے، تاہم فیڈریشن نے اوپنٹ میں شرکت پر توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی ایچ ایف کے ذرائع کے مطابق فیڈریشن نے شرکت نہ کرنے کی وجہ فنڈز کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کی فٹنس اور ہاکی فائیو فارمیٹ کے لیے درکار خصوصی تیاری کا فقدان ہے۔ذرائع کے مطابق پی ایچ ایف کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، فٹنس کوچز کی تعیناتی فٹنس بیسڈ ٹریننگ اور معیاری فٹنس کی ضرورت ہے۔ فی الحال فیڈریشن کی توجہ ان شعبوں کو بہتر بنانے پر ہے۔ذرائع کے مطابق پی ایچ ایف نے ہاکی فائیو فارمیٹ کے لیے کھلاڑیوں کی تیاری جدید تقاضوں کے مطابق کرنے کا منصوبہ بھی بنایا ہے، تاہم اس وقت روایتی 11 اور سائیڈ ہاکی کی ڈیولپمنٹ کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ فیڈریشن نے انڈر 15 ٹیم کی تیاری کو بھی اہم حوالہ بنایا ہے۔ذرائع نے بتایا ہے کہ آئندہ برس سے انڈر 18 فارمیٹ ختم ہو رہا ہے، جس کی جگہ انڈر 15 فارمیٹ لے گا، اس لیے ہاکی کی ترقی کے لیے ایک مضبوط بنیاد رکھنے کے لیے ہم کھلاڑیوں کی تربیت اور ترقی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پی ایچ ایف ذرائع کے مطابق کھلاڑیوں کی فٹنس بہتر بنانے کے لیے جین الاولمپی فٹنس کوچز کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، فٹنس کوچز کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس بہتر بنانے پر کام کریں گے، جس کے بعد انہیں جین الاولمپی مقابلوں میں شرکت کے لیے تیار کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ذرائع کے مطابق پی ایچ ایف فارمیٹ کو ان علاقوں میں ہاکی کے فروغ کے لیے متعارف کرایا گیا ہے جہاں فل سائز ہاکی گراؤنڈ کی سہولت دستیاب نہیں ہیں، پی ایچ ایف ہاکی فائیو کی ترقی میں اہمیت کو سمجھ کر ہی تاہم اس سے روایتی 11 اور سائیڈ ہاکی کا متبادل نہیں بلکہ اس کھیل کی ترقی کے لیے ایک ضمنی باب ہے جبکہ مقصد کے لیے ہم کھلاڑیوں کی تربیت اور ترقی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پی ایچ ایف کھلاڑیوں کی چننگ کو بھی بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔

ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی رونمائی کر دی گئی،تمام ٹیموں کے کپتانوں کی شرکت

پاکستان ٹیم (آج) پہلا میچ یو اے ای اور دوسرا میچ انڈیا کے خلاف کھیلے گی، ٹیمیں روزہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیموں حصہ لیں گی

ہانگ کانگ(وائس آف ایشیا)ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی رونمائی کر دی گئی۔ٹرافی کی رونمائی کی تقریب میں پاکستان سمیت تمام ٹیموں کے کپتانوں نے شرکت کی ۔عباس آفریدی ہانگ کانگ سکسز میں پاکستان ٹیم کی قیادت کریں گے۔ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے 2 نومبر تک کھیلا جائے گا،پاکستان ٹیم (آج) بعد کو پہلا میچ یو اے ای اور دوسرا میچ انڈیا کے خلاف کھیلے گی ۔ٹین روزہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں حصہ لیں گی،12 ٹیموں کو چار گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پاکستان گروپ بی میں شامل ہے،پاکستان اسکواڈ میں کپتان عباس آفریدی، عبدالصمد اور اعظم خان، آل راؤنڈرز محمد نواز، فہیم اشرف، خوشدل شاہ، محمد شہزاد شامل ہیں،محمد حارث، حسنین، ثاقب لنگیانی اور سعد مسعود بھی ٹیم کی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔



مارنس لبوشین کی مسلسل ناکامیوں کا نیا ریکارڈ، ٹیم میں جگہ خطرے میں پڑ گئی

سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر حسن گھیمبی کا کہنا ہے کہ اب شاید کسی کھلاڑی کو اتنا طویل موقع نہیں دیا جائے گا

سڈنی (وائس آف ایشیا)آسٹریلیا کے نائب کپتان مارنس لبوشین جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ کی سیریز میں ایک بار پھر بُری طرح ناکام رہے ہیں جس کے بعد ان کی ٹیم پر برقرار رہنے پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔اسٹیو اسمتھ کی انجری کے باعث ٹیم کی قیادت سنبھالنے والے لبوشین اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکے اور صرف پانچ اننگز کھیلنے کے بعد کوئی رن بنائے بغیر آؤٹ ہوگئے۔اس ناکامی کے ساتھ لبوشین مسلسل 48 ٹیسٹ اننگز میں سنچری بنانے میں ناکام رہنے والے آسٹریلیا کے پہلے بیٹر بن گئے ہیں جو اب باز بن گئے ہیں جو ایک اور اننگز میں آسٹریلوی فاسٹ بولر جوش ہیزلووڈ کی چوٹ کا شکار ہونے کے بعد ٹیم میں شامل ہوئے تھے۔ اب شاید یہی کھلاڑی کو اتنا طویل موقع نہیں دیا جائے گا۔لبوشین نے آخری ٹیسٹ سنچری 2023 کی ایشز سیریز میں پہلی اننگز میں 111 رنز بنا کر کھیلی تھی۔ اس کے بعد سے وہ 48 اننگز میں صرف ایک نصف سنچری بنا سکے ہیں۔ان کی اوسط صرف 24.77 رہی ہے۔ لبوشین کی تکنیک اور کریز میں پوزیشن سے بھی کئی ماہرین کرکٹ کو شکایت ہے۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے نوجوان اور جنتا کم تجربہ رکھنے والے بلے باز سام کونسٹاس نے صرف 4 ٹیسٹ میچوں میں 3 سنچریاں بنا کر اپنی جگہ پکی کر لی ہے۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے نوجوان اور جنتا کم تجربہ رکھنے والے بلے باز سام کونسٹاس نے صرف 4 ٹیسٹ میچوں میں 3 سنچریاں بنا کر اپنی جگہ پکی کر لی ہے۔



لیں رائل ایکس ٹوئن سٹی بیڈمنٹن و ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ ، بحریہ کالج نیول اسٹریٹیج کیمپس نے 4 گولڈ میڈلز جیت کر پہلی پوزیشن حاصل کرلی



راولپنڈی(وائس آف ایشیا)لیں رائل ایکس ایکس بیڈمنٹن و ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میں بحریہ کالج نیول اسٹریٹیج کیمپس نے 4 گولڈ میڈلز جیت کر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ شہباز اسٹیڈیم سپورٹس کمپلیکس میں پنجم ایکسپیڈیشن اینڈ سپورٹس (لیس) ڈیولپمنٹ راولپنڈی کے تعاون سے منعقدہ لیں رائل ایکس ٹوئن سٹی چیمپئن شپ میں بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس کے انڈر 12 اور انڈر 15 مقابلے ہوئے۔ بیڈمنٹن انڈر 15 بوائز میں ارسل نے گولڈ اور یاسین نے سلور میڈل حاصل کیا۔ بیڈمنٹن انڈر 15 گرلز میں عائم نے گولڈ اور ماہین نے سلور جیتے۔ انڈر 12 بوائز میں فہد نے گولڈ اور قمبہ فاطمہ نے سلور میڈل حاصل کیا۔ ٹیبل ٹینس انڈر 15 بوائز میں شہزاد نے گولڈ اور عثمان خاور نے سلور جیتے۔ انڈر 15 گرلز میں قمبہ فاطمہ نے گولڈ اور عائشہ فاروق نے سلور میڈل اپنے نام کیا۔ مہمان خصوصی ڈی ایس اور راولپنڈی سپورٹس بورڈ کی ایگزیکٹو ممبر ڈاکٹر ملک طاہر ملک محمد ساجد اعوان، عائشہ شہباز، سویرا نواز، بیجو سے اور دیگر آفیشلز نے شیلڈز کے ہمراہ میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

سہ ملکی سیریز: بین ڈکٹ کی کیریئر بیسٹ اننگز، قذافی اسٹیڈیم میں رنز کا نیا ریکارڈ قائم

انگلینڈ سیریز میں پہلی فتح کا متلاشی ہے جبکہ پاکستان اور سری لنکا پہلے ہی فائنل میں رسائی حاصل کرچکے ہیں

لاہور(وائس آف ایشیا)۔سہ ملکی سیریز کے آخری لیگ میچ میں انگلینڈ نے سری لنکا کو جیت کے لیے 387 رنز کا ہدف دے دیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جارہے میچ میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر انگلینڈ کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی۔ اوپنر بین ڈکٹ نے 145 رنز کی کیریئر بیسٹ اننگز کھیلی جو 2025 میں کسی بھی بیٹر کی بہترین اننگز ہے۔ اوپنر بین ڈکٹ کے علاوہ جو روٹ نے 78 رنز بنائے۔ انگلینڈ نے مقررہ 50 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 386 رنز بنائے۔ یہ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے ون ڈے میچ میں بنایا جانے والے سب سے بڑا اسکور ہے۔ اس سے قبل پاکستان نے 2025 میں زمبابوے کے خلاف 375 رنز بنائے تھے۔ سری لنکا کی جانب سے اسیتھا فرنینڈو نے 2 جبکہ ایشان ملنگا، ڈاسن شاناکا اور مدھوشنکا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔



کمار سنگاکارا کا ڈبلن ایئرپورٹ پر آرش ایرلائن کی جانب سے امتیازی سلوک کا الزام

اس طرح کے واقعات کا ذاتی طور پر سامنا کرنا واقعی پریشان کن ہوتا ہے، سنگاکارا

ڈبلن (وائس آف ایشیا)سری لنکا کے سابق کپتان اور معروف وکٹ کیپر بلے باز کمار سنگاکارا نے ڈبلن ایئرپورٹ پر آرش ایئرلائن ریان ایئر کے عملے کے مبینہ نامناسب اور امتیازی رویے پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ 48سالہ سابق کرکٹر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ انہیں اہل خانہ کے ہمراہ سفر کے دوران ایئرلائن کے گیٹ عملے کے رویے سے مایوسی کا سامنا کرنا پڑا۔سنگاکارا کے مطابق عملے نے بات کرنے کے انداز، طریقے کار اور مسافروں کے ساتھ آہیز رویہ کسی بھی مسافر کے لیے ناقابل قبول ہے۔انہوں نے اسے ڈبلن میں اپنا پہلا ناخوشگوار تجربہ قرار دیا جو تاہم انہوں نے ٹھوس تحقیقات یقین دلائی ہیں کہ انہیں اس کی پوسٹ پر سری لنکن شیری نجیوا وویاوادنا نے بھی ردعمل دیتے ہوئے بیرون ملک امتیازی سلوک کے اپنے مبینہ تجربات شیئر کیے۔انہوں نے کہا کہ مغربی ممالک میں طویل عرصے تک رہنے اور سفر کرنے کے دوران انہیں ایسے رویوں کا سامنا رہا ہے۔اس پر سنگاکارا نے جواب دیا کہ اس طرح کے واقعات کا ذاتی طور پر سامنا کرنا واقعی پریشان کن ہوتا ہے۔واضح رہے کہ سنگاکارا نے سری لنکا کی جانب سے 134 ٹیسٹ، 404 ون ڈے اور 56 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے۔واضح رہے تاحال ریان ایئرلائن کا باضابطہ ردعمل سامنے آنے کی تصدیق نہیں ہوسکی۔



وقت پر نماز، جنت میں داخلے کی ضمانت



تحریر: اختر علی مہر

اسلام میں نماز محض ایک عبادت نہیں، بلکہ بندے اور اس کے رب کے درمیان تعلق کی مضبوط ترین بنیاد ہے۔ یہ وہ عظیم فریضہ ہے جو انسان کو دن میں پانچ مرتبہ دنیا کی مصروفیات سے نکال کر اپنے خالق کے حضور حاضر ہونے کا موقع دیتا ہے۔ مگر افسوس ہم دنیا کے کاموں، کاروبار، ملازمت اور دیگر مصروفیات کے لیے وقت نکال لیتے ہیں، لیکن جب اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری کا وقت آتا ہے تو طرح طرح کے بہانے تلاش کرنے لگتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے وقت پر نماز ادا کرنے والوں کو جنت کی خوش خبری عطا فرمائی ہے۔ حضرت ابو قتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں، پس جو شخص ان نمازوں کی پابندی کرے گا اور انہیں وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کرے گا، اللہ تعالیٰ نے اسے جنت میں داخل فرمانے کا عہد فرمایا ہے، اور جو ان کی پابندی نہیں کرے گا، اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسا کوئی عہد نہیں۔ سنن ابی داود 1420؛ سنن ابن ماجہ 1401 یہ حدیث مبارک ہمیں جھنجھوڑ کر سوچنے کی دعوت دیتی ہے کہ جس جنت کے حصول کے لیے ہم دعائیں کرتے ہیں، کیا ہم اس کے راستے پر بھی چل رہے ہیں کیا ہماری زندگی میں نماز کو وہی اہمیت حاصل ہے جس کا وہ تقاضا کرتی ہے ہم دنیاوی کامیابی کے لیے وقت کے پابند ہیں، مگر کیا اپنے رب کے مقرر کردہ اوقات کی پابندی بھی کرتے ہیں۔

نماز کی حفاظت کا مطلب صرف کبھی کبھار نماز پڑھ لینا نہیں، بلکہ پانچوں نمازوں کو ان کے مقررہ اوقات میں ادا کرنے کی فکر کرنا ہے۔ فجر کی نیند ہو یا ظہر کی کاروباری مصروفیت، عصر کی تھکن ہو یا مغرب وعشا کی دنیاوی مشغولیات، ایک سچے مومن کی پہچان یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو اپنی خواہشات پر مقدم رکھتا ہے۔ یاد رکھیے مال، دولت، عہدہ اور شہرت سب یہیں رہ جائیں گے، لیکن نماز ہماری آخرت کی کامیابی کا اہم ذریعہ ہے۔ جس رب نے ہمیں بے شمار نعمتیں عطا کی ہیں، کیا ہم اس کے حضور دن میں پانچ مرتبہ حاضر نہیں ہوسکتے جنت کی طلب ہے تو نماز کی حفاظت کیجیے، کیونکہ کامیابی اسی میں ہے کہ بندہ اپنے رب کے حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کردے۔

سینڈوچ جنریشن: دو نسلوں کے درمیان پسی ہوئی نسل۔۔۔۔۔۔۔تحریر: حفصہ زنیر

وہ بولے جارہی تھی اور میں سنتی جارہی تھی۔ اس کے لہجے میں تلخی اور الفاظ میں ایسا دباؤ تھا جیسے طغیانی دریا بند توڑنے کو تیار ہو۔ اس کی باتیں خیالی داستان نہیں بل کہ ہمارے گھروں کی وہ تلخ حقیقت تھیں جنہیں ہم دیکھنے اور بیان کرنے سے کتراتے ہیں۔ اس کی کہانی ہماری ہی ان کہی کہانی تھی۔

ہم پینتیس سے پینتالیس برس کے لوگ زندگی کے ایسے موڑ پر ہیں جہاں ایک طرف والدین کی توقعات اور دوسری طرف اولاد کی ضروریات ہیں۔ ہماری پرورش ایسے ماحول میں ہوئی جہاں بڑوں کی اطاعت کو اچھے کردار کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ اختلاف، گستاخی سوال، بدتمیزی اور اپنی خواہش کو ترجیح دینا خودغرضی قرار پاتا تھا۔ یوں ہم نے اپنے احساسات دبانا سیکھا۔

ہم ایسی جگہ آ کھڑے ہوئے جہاں والدین بڑھاپے میں ہم پر انحصار کرتے ہیں اور اولاد تعلیم، تربیت اور مستقبل کے لیے ہماری محتاج ہے۔ ایک طرف بزرگوں کی ضروریات ہیں تو دوسری طرف بچوں کے خواب اور بدلتے زمانے کے تقاضے۔ اس کشمکش میں ہماری اپنی خواہشات اکثر پیچھے رہ جاتی ہیں۔

والدین چاہتے ہیں کہ ہم ان کی روایات اور زندگی بھر کے فیصلوں کا احترام کریں۔ جب کہ اولاد اپنی سوچ، شناخت اور جذباتی آزادی کو تسلیم کروانا چاہتی ہے۔ دونوں کی توقعات اہم ہیں مگر جب ہر ضرورت پوری کرنے کی ذمہ داری ایک ہی نسل پر ہو تو اس کا وقت اور سکون آزمائش میں رہتا ہے۔ اسی کیفیت کو سینڈوچ جنریشن کہتے ہیں۔ وہ نسل جو دونوں طرف کی ذمہ داریاں اٹھاتے ہوئے خود کو بھولنے لگتی ہے۔

ہم میں سے بہت سوں نے بچپن والدین کو ناراض ہونے سے بچانے اور جوانی خاندان کی رضا کے لیے فیصلے بدلنے میں گزار دی۔ اب خود والدین بن کر دونوں نسلوں میں توازن قائم کرتے ہوئے اپنے فیصلوں پر بھی شک کرتے ہیں۔ اندر وہی سہما ہوا بچہ رہتا ہے جسے ڈر ہے کہ اپنی مرضی کا قدم اٹھایا تو خودغرض یا نافرمان کہلائے گا۔

یہ کشمکش مردوں کو بھی متاثر کرتی ہے۔ ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بوڑھے والدین کا سہارا بنیں، شریکِ حیات کے ساتھ گھر چلائیں اور بچوں کے مستقبل کے لیے محنت کریں۔ ان کی تھکن اکثر نظرانداز ہوتی ہے۔ والدین اور بیوی میں اختلاف ہو تو سب چاہتے ہیں کہ وہ کسی ایک کا ساتھ دے۔ حالاں کہ ذمہ داری کسی کو خوش کرنے کے بجائے انصاف سے دونوں کے حقوق کا خیال رکھنا ہے۔

عورت کی صورت حال بھی پیچیدہ ہے۔ بیٹی کی حیثیت سے والدین کی توقعات۔ بیوی بن کر ازدواجی ذمہ داریاں۔ بہو کی صورت میں سسرال کے مطالبات اور ماں بننے کے بعد بچوں کی ضروریات اس کی ساری توانائی نچوڑ لیتی ہیں۔ اس سے توقع رہتی ہے کہ وہ سب کے مزاج سمجھے اور اختلافات سلجھائے۔ مگر اس کی اپنی تھکن اور خواہشات کون دیکھتا ہے؟ کتنی عورتیں بغیر شرمندگی کے اپنے لیے وقت نکال سکتی ہیں؟

جنریشن زی اور جنریشن الفا کی مائیں ایک الگ ذہنی کشمکش سے گزرتی ہیں۔ ان کی تربیت ایسے ماحول میں ہوئی جہاں سوال اٹھانے کی حوصلہ شکنی اور خاموش اطاعت کو خوبی سمجھا جاتا تھا۔ جو عورت اس معیار پر پوری نہ اتری۔ اسے بدتمیز یا بدتہذیب کہا گیا۔ آج کے بچے دلیل مانگتے اور اپنی شناخت تسلیم کروانا چاہتے ہیں۔

یہ مائیں بچوں کو وہ آزادی دینا چاہتی ہیں جو انہیں خود نہیں ملی۔ مگر پرانی تربیت اور معاشرتی خدشات ان کا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ کبھی وہ بچوں کی بے باکی سے خوف زدہ ہوتی ہیں اور کبھی انجانے میں وہی پابندیاں لگا دیتی ہیں جن سے خود تکلیف اٹھائی تھی۔ یوں نیک نیتی کے باوجود ایک نسل کے زخم دوسری نسل تک پہنچنے لگتے ہیں۔

اصل امتحان والدین کا احترام برقرار رکھتے ہوئے اولاد کی انفرادی سوچ کو جگہ دینا ہے۔ خاندانی روایات کی اچھی اقدار محفوظ رہنی چاہییں۔ مگر صرف پرانی ہونے کی وجہ سے ہر نقصان دہ رویے کو درست نہیں مانا جاسکتا۔ بچوں کی آزادی کا احترام کرتے ہوئے انہیں ذمہ داری بھی سکھانا ہوگی۔ یہ توازن تب مشکل ہوتا ہے جب ہم نے خود اختلاف کرنا اور صحت مند حدود قائم کرنا سیکھا ہی نہ ہو۔

ہم والدین کے سامنے آج بھی خود کو ایسا بچہ سمجھتے ہیں جسے ہر فیصلے کی وضاحت دینی پڑتی ہے۔ مگر اولاد کے سامنے کامل والدین بننے کی کوشش کرتے ہیں۔ یوں جس دباؤ سے خود نکلنا چاہتے ہیں۔ وہی اگلی نسل کو منتقل کر دیتے ہیں۔

زاویہ افکار
حفصہ زنیر
honeywritting@gmail.com

یہ کسی ایک فرد یا نسل کا قصور نہیں بل کہ خاندانی نظام کی خامی ہے جہاں محبت کو فرمانبرداری، احترام، خاموشی اور قربانی کو اپنی ذات مٹا دینے کے برابر سمجھا جاتا ہے۔ والدین کی عزت کا مطلب یہ نہیں کہ بالغ اولاد فیصلوں کا اختیار کھو دے۔ اور بچوں سے محبت کا تقاضا بھی نہیں کہ والدین اپنی ضروریات اور جائز حدود ختم کر دیں۔ صحت مند رشتوں میں انصاف، اعتدال، احترام اور ذاتی حدود ضروری ہیں۔

سینڈوچ جنریشن کو سمجھنا ہوگا کہ ہر انسان کو خوش رکھنا اس کی ذمہ داری نہیں۔ مگر انصاف قائم رکھنا ضروری فرض ہے۔ والدین کی خدمت اور اولاد کی پرورش کے ساتھ اپنی ذہنی و جذباتی صحت کا خیال بھی اہم ہے۔ اختلاف بے وفائی نہیں اور نامناسب بات سے انکار بے ادبی نہیں۔ سچی محبت کا تقاضا ہے کہ اپنی حدود واضح کی جائیں۔ غیر حقیقی توقعات رد ہوں اور گھر میں سب کے لیے منصفانہ اصول قائم کیے جائیں۔

اب وقت ہے کہ خاموش قربانی اور اندرونی گھٹن کو شعور اور طاقت میں بدلا جائے۔ اولاد کے لیے ڈگریاں، مالی تحفظ اور آسائشیں کافی نہیں۔ صحت مند جذباتی ورثہ بھی ضروری ہے۔ ایسا ماحول جہاں بچے خوف کے بغیر احساسات بیان کریں۔ میاں بیوی ایک دوسرے کے ساتھی بنیں۔ والدین مختلف رائے سن سکیں اور اختلاف کے باوجود احترام قائم رہے۔ یہی ورثہ آنے والی نسل کو جذباتی طور پر مضبوط بنائے گا۔

ہمیں یہ بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ ہر وقت مضبوط دکھائی دینے والے انسان کے اندر بھی تھکن کے موسم اترتے ہیں۔ ہر ذمہ داری نبھانے والے شخص کو بھی سہارے کی ضرورت پڑتی ہے اور ہر مسکراتے چہرے کے پیچھے سکون کی ایک ادھوری خواہش ہوسکتی ہے۔ والدین کی خدمت کرتے ہوئے ہماری آنکھوں میں اپنے لیے بھی کچھ خواب باقی رہتے ہیں اور اولاد کا مستقبل سنوارتے ہوئے ہمارے دل کو بھی محبت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنی ضرورتوں کا اعتراف کمزوری نہیں بل کہ اپنی انسانیت کو تسلیم کرنا ہے۔ ہمیں ایسا خاندانی ماحول تشکیل دینا ہوگا جہاں ذمہ داریاں بانٹی جائیں۔ جذبات سنے جائیں اور کسی ایک فرد کی خاموش قربانی کو پورے خاندان کے سکون کی قیمت نہ بنایا جائے۔ کیوں کہ رشتے تبھی مضبوط رہتے ہیں جب انہیں نبھانے والے بھی اندر سے سلامت رہیں۔

ہماری کامیابی خود کو والدین اور اولاد کے درمیان مٹا دینے میں نہیں بل کہ دونوں کے حقوق ادا کرتے ہوئے اپنی شناخت زندہ رکھنے میں ہے۔ ہمیں پسی ہوئی کڑی بننے کے بجائے ایسا مضبوط پل بننا ہے جو پرانی نسل کی اچھی روایات کو نئی نسل کے علم اور فکری روشنی سے جوڑے۔ والدین کے احسانات کا احترام کرے اور اولاد کے خوابوں کو حقیقت کا راستہ دے۔ اس سفر میں دوسروں کو سنبھالنے کے ساتھ خود کو پہچاننا بھی ضروری ہے۔

ہم سے پہلی نسل نے زندگی گزارنے کے بہت سے روایتی قرینے سکھائے۔ مگر اب ہمارا اخلاقی فرض ہے کہ آنے والی نسل کو صرف زندہ رہنا نہیں بل کہ خودداری، شعور اور باہمی احترام کے ساتھ جینا بھی سکھائیں۔ اگر ہم محبت و احترام اور خاموشی و قربانی کو خود فراموشی سے الگ کرسکیں تو شاید ہماری اولاد کو وہ جنگ نہ لڑنی پڑے جو ہم نے عمر بھر لڑی۔ یہی ہماری نسل کی اصل کامیابی اور آنے والے کل کے نام سب سے قیمتی چراغ ہوگا۔ تاکہ رشتے محبت سے روشن رہیں۔

ٹاکسک معاشرہ TOXIC SOCIETY



از قلم: ڈاکٹر نازیہ ندیم

ہمارے اردگرد پھیلا ہوا معاشرہ اب آہستہ آہستہ ایک ایسے ماحول میں ڈھلتا جارہا ہے جہاں دوسروں کی زندگیوں میں بلاوجہ مداخلت کرنا، ان کے ذاتی فیصلوں پر نکتہ چینی کرنا اور دوسروں کے سکون کو غارت کرنا روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ ہم ایک ایسے معاشرے کا حصہ بن چکے ہیں جس کے مجموعی مزاج میں ہی ٹاکسک یا زہریلا پن رچ بس گیا ہے۔ یہاں ہر شخص دوسرے کے گھر کے طاق جھانک کرنے، اس کے طرز زندگی پر فقرے کسنے اور اپنی رائے کو دوسروں پر مسلط کرنے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ اس اجتماعی رویے نے لوگوں کے اندر اس قدر منفی پن بھر دیا ہے کہ اب سکون سے جینا ایک چیلنج بن چکا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر اس معاشرتی تانے بانے میں لوگوں کے اندر یہ ٹاکسک طرز عمل کیوں اور کیسے پروان چڑھ رہا ہے، اور اس کا اثر ہماری اجتماعی وانفرادی زندگی پر کیا پڑ رہا ہے۔

اگر ہم اپنے اردگرد نگاہ دوڑائیں تو یہ زہریلا رویہ ہمیں کسی ایک طبقے یا اجنبی محلے تک محدود نظر نہیں آتا، بلکہ یہ ہمارے خاندانی رشتوں، دوستوں، ہمسایوں اور دفتری و کاروباری حلقوں میں گڑھی ہوئی جڑوں کی طرح پھیلا ہوا ہے۔ خاندان کے اندر قریبی رشتے داروں کا رویہ اس کی سب سے تلخ مثال ہے، جہاں میل ملاقات کا مقصد ایک دوسرے کی خوشی میں شریک ہونا نہیں بلکہ یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ کون کس حال میں ہے، کس کے بچے نے کیا ترقی کی یا کس کے گھر میں کیا کمی رہ گئی۔ شادی بیاہ یا خاندانی اجتماعات اب خوشیوں کی بجائے ایک دوسرے پر فقرے کسنے اور حسد کی آگ میں جلنے کے مقامات بن چکے ہیں۔ اسی طرح محلے دار اور ہمسائے اپنی روزمرہ کی زندگی سے زیادہ اس بات میں دلچسپی رکھتے ہیں کہ کون کب گھر آیا، کس نے کیا خریدا اور کس کے گھر کیا پک رہا ہے۔ ان کی یہ بلاوجہ کی دخل اندازی اور باتیں بنانے کی عادت اردگرد کے ماحول میں ایک گھٹن پیدا کردیتی ہے۔

دوست احباب کے دائرے میں بھی اب یہ ٹاکسک پن سرایت کرچکا ہے۔ دوستی جو کبھی مخلصی، خلوص اور سپورٹ کا دوسرا نام ہوا کرتی تھی، اب مفاد پرستی اور پیٹھ پیچھے حسد کرنے کا نام بن گئی ہے۔ دفتری اور کاروباری ماحول میں تو صورتحال مزید تشویشناک ہوجاتی ہے جہاں کولیگز ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچنے، محنت کا کریڈٹ خود سمیٹنے اور سازشیں رچانے کو کامیابی کی سیڑھی سمجھتے ہیں۔ اس وسیع دائرے میں جب انسان روزانہ اٹھتا بیٹھتا ہے تو وہ ایسے رویوں سے واسطہ پڑنے کی وجہ سے اندر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوجاتا ہے۔

اس اجتماعی ٹاکسک مزاج کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ یہ انسان کے اندرونی سکون کو دیمک کی طرح چاٹ لیتا ہے۔ جب انسان کے اردگرد ایسے لوگ ہوں جو ہر وقت تنقید کرنے، طعنے دینے اور غلطیاں نکالنے کے درپے ہوں، تو وہ مسلسل ایک ذہنی تناؤ اور خوف میں جینے لگتا ہے۔ وہ ہر قدم اٹھانے سے پہلے یہ سوچنے پر مجبور ہوتا ہے کہ لوگ کیا کہیں گے یا کون سا نیا طوفان کھڑا ہوجائے گا۔ یہ مسلسل چوکنا پن اور ذہنی الجھن انسان کی تمام جذباتی توانائی کو نچوڑ لیتی ہے۔ وہ دن بھر کے کاموں کے بعد خود کو بالکل نڈھال محسوس کرتا ہے، اس کی خود اعتمادی دم توڑنے لگتی ہے، اور وہ اپنی ہی صلاحیتوں پر شک کرنے لگتا ہے۔ رشتوں میں بدگمانی کا زہر گھل جانے کی وجہ سے نہ گھر کا ماحول پرسکون رہتا ہے اور نہ ہی دفتر میں دل لگتا ہے۔

اس زہریلے معاشرتی ماحول کے اثرات سے خود کو بچانے کے لیے اب یہ ناگزیر ہوچکا ہے کہ ہم شعوری طور پر عملی اقدامات کریں۔ سب سے پہلا قدم اپنے اردگرد مضبوط جذباتی اور عملی حدود کا قیام ہے۔ ہمیں یہ سیکھنا ہوگا کہ ہر بات کا جواب دینا یا ہر محفل میں شمولیت اختیار کرنا لازمی نہیں ہے۔ جہاں کوئی شخص منفی بات یا طعنہ زنی شروع کرے، وہاں یا تو خاموشی اختیار کی جائے یا موضوع کا رخ بدل دیا جائے۔ گرے راک میتھڈ جیسی تکنیکیں اپنانا بھی انتہائی کارآمد ثابت ہوتا ہے، جس کے تحت ایسے منفی لوگوں کی باتوں پر کوئی جذباتی ردعمل ظاہر نہیں کیا جاتا تاکہ انہیں یہ موقع نہ ملے کہ وہ آپ کو الجھا سکیں۔ بلاوجہ بحث کرنے، لمبی صفائیاں پیش کرنے اور ہر ایک کو خوش کرنے کی لایعنی کوششوں سے دستبردار ہونا پڑے گا۔ اس کے ساتھ ہی ان لوگوں سے رابطہ اور وقت کو محدود کرنا اور اپنی توانائی کو اپنی ذات، اپنے کام اور مخلص و مثبت لوگوں کے ساتھ جوڑنا ذہنی توازن بحال رکھنے کے لیے سب سے ضروری ہے۔

جب اس مسلسل منفی ماحول اور ٹاکسک رویوں کی یلغار کی وجہ سے انسان اندر سے ڈپریشن، شدید بے چینی، صدمے اور اعصابی تھکن کا شکار ہو جائے، تو طبی اور نفسیاتی سطح پر سنبھلنے کے لیے ہومیوپیتھک نظام علاج علامات کے مطابق انتہائی موثر کردار ادا کرتا ہے۔ اگر کوئی فرد مسلسل طعنہ زنی، بدسلوکی اور توہین کی وجہ سے اندرونی گھٹن، خاموش غم اور گلے میں بوجھ محسوس کرے، تو اگنیشیا کا استعمال اعصابی جھٹکوں کو دور کرتا ہے۔ جو لوگ لوگوں کی تلخ باتیں اور طعنے اندر ہی اندر برداشت کرتے رہتے ہیں، اپنے جذبات کا اظہار نہیں کرتے اور تنہائی میں رنجیدہ رہتے ہیں، ان کے لیے نیٹرم میور بہترین دوا ہے۔ اسی طرح جو افراد مسلسل توہین سہنے کے باوجود مجبوری کی وجہ سے غصہ باہر نہیں نکال سکتے اور اندر ہی اندر کڑھتے ہیں، ان کے لیے سٹافیسیگ ریا مفید ثابت ہوتی ہے۔ جو لوگ اس ٹاکسک ماحول کی وجہ سے شدید چڑچڑے، بے صبر اور غصے کی زیادتی کا شکار ہو جاتے ہیں، ان کی اعصابی تھکن کے لیے نکس وامیکا تجویز کی جاتی ہے، جبکہ خوف اور مستقبل کی شدید بے چینی کے لیے آرسینکم البم کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ بہرحال، یہ تمام اقدامات اور علاج تبھی کارگر ہوتے ہیں جب انسان یہ سمجھ لے کہ دوسروں کا رویہ بدلنا ہمارے بس میں نہیں ہے، لیکن اس رویے کا اثر اپنے دل و دماغ پر کتنا ہونے دینا ہے، اس کا مکمل اختیار صرف ہمارے اپنے ہاتھ میں ہے۔

تہذیب کا اصل پیمانہ!۔۔۔۔۔از قلم: طفیل مگسی

دنیا میں ترقی کو ناپنے کے کئی پیمانے رائج ہیں۔ کہیں بلند و بالا عمارتوں کو ترقی کی علامت سمجھا جاتا ہے، کہیں صنعتی پیداوار کو، کہیں فوجی طاقت کو اور کہیں جدید ٹیکنالوجی کو۔ لیکن اگر تاریخ کے اوراق کا بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ تہذیب اور مہذب ہونے کا اصل معیار کچھ اور ہے۔ انسان کو انسان بنانے والی چیز نہ صرف اس کی جسمانی ضروریات ہیں اور نہ ہی اس کی مادی کامیابیاں، بلکہ اس کی عقل، فکر اور دانش ہے۔

معروف مفکر علی عباس جلالپوری نے اپنی کتاب "روح عصر" میں ایک نہایت گہرا نکتہ بیان کیا ہے کہ انسان کی بنیادی خواہشات اور جذبات ہزاروں سال میں زیادہ تبدیل نہیں ہوئے۔ بھوک آج بھی وہی ہے جو غاروں میں رہنے والے انسان کو محسوس ہوتی تھی۔ محبت، نفرت، خوف، غصہ اور جنسی کشش بھی بنیادی طور پر وہی ہیں جو عہد حجریہ میں تھیں۔ اس اعتبار سے جدید انسان اور قدیم انسان میں فرق بہت کم ہے۔

اصل فرق عقل و دانش کی سطح پر پیدا ہوتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں تہذیب جنم لیتی ہے۔ ایک انسان جب صرف اپنی خواہشات اور جذبات کے مطابق زندگی گزارتا ہے تو وہ فطرت کے قریب ضرور ہوتا ہے، مگر تہذیب کے قریب نہیں۔ تہذیب اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسان اپنی جبلتوں کو عقل کی روشنی میں سمجھنے اور منظم کرنے لگتا ہے۔ جب وہ صرف کھانے، کمانے اور خواہشات کی تکمیل سے آگے بڑھ کر علم، فلسفہ، ادب، موسیقی، سائنس اور سماجی مسائل میں دلچسپی لینا شروع کرتا ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں فکری دلچسپیوں کا دائرہ سکڑتا جا رہا ہے۔ سیاسی وابستگیاں، مذہبی تعصبات، شخصیات سے غیر معمولی محبت یا نفرت، اور سوشل میڈیا کے فوری ردعمل ہماری اجتماعی نفسیات پر غالب آچکے ہیں۔ لوگ کسی مسئلے پر غور کرنے سے پہلے اس پر جذباتی ردعمل ظاہر کردیتے ہیں۔ دلیل کی جگہ نعرہ، تحقیق کی جگہ افواہ اور مکالمے کی جگہ تصادم نے لے لی ہے۔

یہ اقتباس ہمارے معاشرے کے لیے ایک آئینہ بھی ہے اور ایک تنبیہ بھی۔ ہم نے افراد کو ان کے خیالات اور علمی مقام کے بجائے ان کی جذباتی وابستگیوں سے پہچاننا شروع کردیا ہے۔ کسی شخص کے بارے میں جاننے سے پہلے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ وہ کس سیاسی جماعت کا حامی ہے، کس مذہبی مکتب فکر سے تعلق رکھتا ہے، کس شخصیت کا مداح ہے یا کس گروہ کا مخالف ہے۔ گویا انسان کی فکری شناخت پس منظر میں چلی گئی ہے اور جذباتی شناخت اس کا اصل تعارف بن گئی ہے۔

سوشل میڈیا نے اس رجحان کو مزید گہرا کردیا ہے۔ آج دلیل سے زیادہ ردعمل اہم سمجھا جاتا ہے، مطالعے سے زیادہ نعرہ مقبول ہے اور تحقیق سے زیادہ جذباتی وابستگی اثر رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے مباحث اکثر مسائل کے حل کے بجائے شخصیات کے دفاع یا مخالفت میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ ہم کسی خیال کو اس کی علمی بنیاد پر نہیں پرکھتے بلکہ یہ دیکھتے ہیں کہ اسے پیش کرنے والا ہمارا پسندیدہ شخص ہے یا مخالف۔

حالانکہ محبت اور نفرت تو انسانی جبلت کا حصہ ہیں اور ان میں ہجوم بھی شریک ہوسکتا ہے، مگر کسی پیچیدہ سماجی مسئلے کو سمجھنے، کسی فلسفیانہ سوال پر غور کرنے، کسی سائنسی نظریے کی جانچ کرنے یا کسی اعلیٰ فن پارے کی معنویت کو دریافت کرنے کے لیے عقل، مطالعہ اور فکری تربیت درکار ہوتی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں مہذب فرد ہجوم سے الگ نظر آتا ہے۔ اس کی شناخت اس کے نعروں سے نہیں بلکہ اس کے استدلال سے ہوتی ہے، اس کی وابستگیوں سے نہیں بلکہ اس کے فکری افق سے ہوتی ہے۔

اگر کسی معاشرے میں جذبات عقل پر غالب آجائیں تو اختلاف دشمنی میں بدل جاتا ہے، سیاست عقیدت یا نفرت کا کھیل بن جاتی ہے اور علم کی جگہ تعصب لے لیتا ہے۔ لیکن جب عقل و دانش کو فوقیت حاصل ہوتی ہے تو اختلاف مکالمے میں ڈھلتا ہے، تنقید اصلاح کا ذریعہ بنتی ہے اور علم اجتماعی ترقی کی بنیاد بن جاتا ہے۔

آج ہمارے پاس جدید موبائل فون ہیں، تیز رفتار انٹرنیٹ ہے، مصنوعی ذہانت ہے اور معلومات کے بے شمار ذرائع موجود ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم فکری طور پر بھی اتنے ہی ترقی یافتہ ہیں؟ اگر ہماری گفتگو کا محور صرف شخصیات، تعصبات اور جذباتی وابستگیاں ہیں تو جدید آلات رکھنے کے باوجود ہماری ذہنی دنیا شاید اتنی جدید نہیں جتنی ہم سمجھتے ہیں۔ تہذیب کا اصل امتحان یہ نہیں کہ ہم کیا کھاتے ہیں، کیا پہنتے ہیں یا کون سی ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہیں۔ اصل امتحان یہ ہے کہ ہم کیا سوچتے ہیں، اختلاف کو کس طرح برداشت کرتے ہیں، علم کے ساتھ ہمارا تعلق کیا ہے اور ہم اپنے جذبات کو عقل کے تابع کرنے کی کتنی صلاحیت رکھتے ہیں۔

یہی وہ سوال ہے جو ہر دور کی تہذیب کے سامنے کھڑا رہتا ہے: کیا ہم اپنے جذبات کے اسیر ہیں یا اپنی عقل کے رہنما؟ کیونکہ انسان کو باقی مخلوقات سے ممتاز کرنے والی چیز اس کی خواہشات نہیں، اس کی عقل ہے؛ اور تہذیب کا سفر دراصل جذبات سے دانش کی طرف سفر کا نام ہے۔

بقیہ نمبر 1 ☆☆☆

تحریری اجازت متعلقہ ضلعی سیف ڈرون یوزیج کمیٹی دے گی، کمیٹی کی تحریری اجازت کے ساتھ ڈرونز کا استعمال پابندی سے مستثنیٰ ہوگا، عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور املاک کی حفاظت ترجیح ہے، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 2 ☆☆☆

دیکھتے ہوئے پروڈکشن آرڈر جاری کرنا اسپیکر کا اختیار ہوتا ہے، بعض اوقات حراست حکم کے علاوہ بھی کئی مقدمات ہوتے ہیں ایسے معاملات میں پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کیلئے اسپیکر اپنی صوابدید استعمال کرتے ہیں، جنید اکبر کا معاملہ پشاور ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، عدالتی حکم پر عمل کریں گے

بقیہ نمبر 3 ☆☆☆

جبکہ جال لگا کر پرندوں کو پکڑنے اور انہیں غیرقانونی طور پر مارکیٹوں تک پہنچانے میں ملوث تین ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے ان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، کارروائی کے دوران تین موٹر سائیکلیں اور بانسوں کے پولز پر مشتمل دو بڑے نیٹ سیٹ اپس بھی قبضے میں لے لئے گئے ہیں، ذرائع کے مطابق سینئر وائلڈ لائف رینجر کی قیادت میں وائلڈ لائف پروٹیکشن یونٹ کی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی تو ملزمان جنگلی پرندوں کو جال میں پھنسا رہے تھے، جنہیں بعدازاں لاہور کی مختلف مقامی مارکیٹوں میں شہریوں کو صدقے کے نام پر فروخت کرنے کیلئے سپلائی کیا جانا تھا، حکام کے مطابق ملزمان کا طریقہ واردات جنگلی پرندوں کو بڑی تعداد میں پکڑ کرانہیں غیرقانونی تجارت کے ذریعے مختلف خریداروں تک پہنچانا تھا، جس کے باعث نہ صرف جنگلی حیات کے تحفظ کے قوانین کی خلاف ورزی ہورہی تھی بلکہ قدرتی ماحول اور پرندوں کی نسلوں کو بھی شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ تھا، وائلڈ لائف حکام نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گرفتار ملزمان کے خلاف لاہور کے تھانہ ہنجروال میں پنجاب وائلڈ لائف ایکٹ کے تحت ایف آئی آر نمبر 3728/26 درج کروادی ہے جبکہ مقدمے کی قانونی کارروائی تیزی سے آگے بڑھائی جارہی ہے اور ملزمان سے تفتیش کے ذریعے اس غیر قانونی نیٹنگ، خرید وفروخت اور سمگلنگ کے مکمل نیٹ ورک تک پہنچنے کی کوشش کی جارہی ہے، ذرائع کے مطابق شیڈول پرندوں کے غیر قانونی شکار، قبضے اور تجارتی مقاصد کیلئے منتقلی پر پنجاب وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پرزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ کے تحت ملزمان کو تین سال تک قید اور 50ہزار سے ایک لاکھ روپے تک جرمانے کی سزا کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ کارروائی میں ضبط کی گئی موٹر سائیکلوں اور شکار کیلئے استعمال ہونے والے آلات کو بھی بحق سرکار ضبط کرنے کی قانونی استدعا کی گئی ہے، وائلڈ لائف حکام کی جانب سے عدالت میں برآمد شدہ نیٹ سیٹ اپس اور دیگر شواہد پیش کیے گئے ہیں تاکہ جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار اور مبینہ کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جاسکے، دوسری جانب کارروائی کے دوران بازیاب ہونے والے تقریباً 2500 پرندوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کرکے محکمہ جنگلی حیات کی ویٹرنری ٹیم کی نگرانی میں طبی معائنہ، علاج اور خوراک کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے اور قانونی تقاضے مکمل ہونے کے بعد عدالتی حکم کے مطابق پرندوں کو دوبارہ ان کے قدرتی مسکن، دریائی علاقے میں آزاد کیے جانے کے اقدامات کیے جارہے ہیں، محکمہ جنگلی حیات نے لاہور میں جنگلی پرندوں کی غیر قانونی خرید وفروخت بالخصوص سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے ہونے والی آن لائن تجارت کے خلاف بھی نگرانی مزید سخت کردی ہے اور ایسے عناصر کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کا دائرہ وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، حکام کا کہنا ہے کہ بعض عناصر معصوم پرندوں کو صدقے کے نام پر فروخت کرکے شہریوں کے مذہبی جذبات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر قانونی کاروبار کو فروغ دیتے ہیں، اس لئے شہریوں کو چاہیے کہ وہ ایسے افراد سے پرندے خریدنے سے گریز کریں اور اس غیر قانونی سرگرمی کی حوصلہ افزائی نہ کریں، محکمہ جنگلی حیات نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار، نیٹنگ، خرید وفروخت یا اسمگلنگ کے بارے میں کسی بھی اطلاع کی صورت میں فوری طور پر محکمہ جنگلی حیات کی ہیلپ لائن 1107 پر اطلاع دیں تاکہ جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے جاری کارروائیوں کو مزید موثر بناتے ہوئے اس ماحولیاتی جرم اور غیرقانونی کاروبار کا جڑ سے خاتمہ ممکن بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 4 ☆☆☆

تیل بردار جہاز سمندری بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد آگ کی لپیٹ میں آگئے تاہم جہازوں کی شناخت اور عملے کی صورت حال سے آگاہ نہیں کیا گیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ نے بتایا کہ تینوں جہاز ایران کی جانب سے غیر مجاز قرار دیے گئے جنوبی بحری راستے سے گزر رہے تھے۔ آگ لگنے کے بعد جہازوں کو آبنائے ہرمز کے جنوبی ساحل کے قریب چھوڑ دیا گیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے مزید کہا کہ ان جہازوں نے اپنے ریڈار اور راستے کی نشاندہی کرنے والے نگرانی کے نظام کو بند کر رکھا تھا اور انتباہ کے باوجود ممنوعہ راستے سے گزرنے کی کوشش کی۔ پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ ان واقعات کے باعث سمندر میں آلودگی پھیلی ہے، جس کے ذمہ دار جہازوں کے مالکان اور عملہ ہے جنہوں نے غیرقانونی راستہ اپنایا اور انتباہ کی پاسداری نہیں کی۔ بیان میں آبنائے ہرمز سے گزرنے کے خواہش مند جہازوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کی جانب سے جاری اطلاعات اور معلومات پر بھروسا نہ کریں اور اشتعال انگیز کارروائی سے گریز کریں۔ یاد رہے کہ امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے متعلق ایرانی میڈیا کی اطلاعات مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکی فوج بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ مرکزی بحری راستوں سے بارودی سرنگیں ہٹادی گئیں۔

بقیہ نمبر 5 ☆☆☆

ان کو معافی بھی مانگنی چاہئے، انہوں نے کہا یہ وقت آ گیا مولانا خواتین کے پیچھے چھپ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں آئین کے مطابق یہاں بیٹھی ہوں، ان کو معافی مانگنی چاہئے، ان کو اپنی وزارتوں پر فوکس کرنا چاہیے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ حنیف عباسی خانہ بدوش ہیں، جہاں گھاس پھوس ملے ادھر چلے جاتے ہیں، خواجہ آصف جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے کلیے پر چلتے ہیں، ن لیگ کی 2 تہائی اکثریت تھی اور مارشل لا لگی، جے یو آئی ف نے مذمت کی ہے ان لوگوں نے تو ایک رار داد تک منظور نہیں کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ضیاالحق کو چیلنج کیا تم اس کی پیداوار ہو، اس مسلم لیگ ن کی کیا تاریخ ہے، ہم اور آپ پی ٹی آئی کو کہتے تھے کہ خان جہاں جاتا ہے وہاں آرمی چیف بھی ساتھ ہوتا ہے، اب شہباز شریف اگر ایسا کرے تو بہت اچھا لیڈر ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے کہا تھا زرداری کو گریبان سے پکڑ کر گھسیٹوں گا، ہم چاروں طرف سے حصار میں ہیں، چین سے اعتماد کا فقدان ہے، بھارت، ایران اور افغانستان کے ساتھ بارڈر بند ہیں، مولانا کو افغانستان آپ نے بھیجا آپ نااہل ہیں ان معاملات کو مزید نہیں چلا سکے۔ مولانا غفور حیدری نے کہا کہ مشرف آیا تو مولانا فضل الرحمان اور میں قید میں تھے آپ بتائیں کہ آپ نے ان کے خلاف کیا تحریک چلائی، اسپیکر صاحب میری باتیں شائد آپ کو اچھی نہیں لگ رہیں، جیل میں سب نے جانا ہے شائد آپ کی باری بھی آجائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں جب اکٹھے ہوئے تو ہم نے کہا لانگ مارچ کرتے ہیں کچھ روز سڑک پر بیٹھتے ہیں، مسلم لیگ ن کے لوگوں نے کہا ہمارے کارکنان سڑکوں والے نہیں ہیں، ہمارے لوگ پاکستان کی وجہ سے شہید ہورہے ہیں، ہم نے فتویٰ دیا کہ ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا جائز نہیں ہے، ہم پر حملے ہوئے اور اسی وجہ سے ہوئے، اگر ہم دہشتگردوں کے ساتھ ہیں تو پھر حملے آپ نے کروائے ہونگے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان خانہ بدوشوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ اپنے ماضی کی طرف دیکھو، مولانا صاحب کے تقریر کے نتیجے میں یہ خانہ بدوش اکٹھے کیے جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6 ☆☆☆

کرائے گئے تحریری جواب میں کہا گیا کہ جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران ڈیزل کی یومیہ پیداوار 14ہزار 65 میٹرک ٹن رہی، جولائی تا ستمبر ڈیزل کی فروخت 16 ہزار 866 میٹرک ٹن رہی ہے۔ تحریری جواب میں کہا گیا کہ پنجاب سے جولائی تا ستمبر پیٹرول کی یومیہ پیداوار 4 ہزار 670 میٹرک ٹن رہی اور فروخت 14ہزار 827 میٹرک ٹن، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی یومیہ پیداوار 7ہزار 608 میٹرک ٹن جبکہ فروخت 10ہزار 779 میٹرک ٹن رہی۔ حکام کے مطابق سندھ میں پیٹرول کی یومیہ پیداوار ایک ہزار 592 میٹرک ٹن، فروخت 4ہزار 567 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی یومیہ پیداوار 4ہزار 419 میٹرک ٹن اور فروخت 3ہزار 662 میٹرک ٹن رہی۔ تحریری جواب میں مزید کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں پیٹرول کی یومیہ فروخت 2ہزار 127 میٹرک ٹن ریکارڈ، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی یومیہ فروخت 2 ہزار 355 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ بلوچستان میں پیٹرول کی یومیہ پیداوار 773 میٹرک ٹن، فروخت 62 میٹرک ٹن ریکارڈ جبکہ بلوچستان میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی یومیہ پیداوار 2ہزار 38 میٹرک ٹن جبکہ فروخت 70 میٹرک ٹن رہی ہے۔ سینیٹ کو بتایا گیا کہ ریفائنریز مقامی اور درآمدی خام تیل سے پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل تیار کرتی ہیں

بقیہ نمبر 7 ☆☆☆

سمیت آپ سب سن رہے ہیں اس ایوان کو اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، آپ کو یہ سارے ووٹ دیکھے، آپ پارلیمنٹ کو مضبوط بنائیں، آپ کیا بنگال کے بعد اس کو بھی توڑنا ہے؟ خدا کو مانو، کیوں اس کو توڑنا چاہتے ہو؟ اس کو مضبوط بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے آج تک پاکستانی قوم نہیں بنائی، 15ہزار سے 20 ہزار آپ کا مزدور نہیں کمارہا، 6 کروڑ بچے اسکول سے باہر ہیں، آپ کہتے ہیں اسلام کا قلعہ؟ کونسا قلعہ؟ یہاں پیسے والا 40ہزار میں گاڑی کی پٹرول ٹینکی فل نہیں کراسکتا اور غریب کو 20ہزار میسر نہیں، کیا ایسے یہ ملک چل سکتا ہے؟ ایسا نہیں ہوسکتا۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ افغانستان آپ کا اتنا اچھا دوست تھا کہ بھٹو نے اپنی کابینہ کا اجلاس وہاں کیا، اگر مولانا نے افغانستان جانے کیلئے تیار ہوا تو ان کی وہاں رشتہ داریاں ہیں، طالبان کو ہم نے قومی اثاثہ قرار دیا تھا یہ فوری طور پر ختم نہیں ہوسکتے، فقط چیخ و پکار اور گالیاں دینے سے کچھ نہیں ہوگا۔ آپ بتائیں ایران میں کیا ہورہا ہے، ہمیں اعتماد میں لیں، ہم آپ کا ساتھ دیں گے، اب کوئی نیا نہیں آئے گا، ہم ہی سب ہیں اور ماضی کو بھول جائیں، آپ فرعون سے طاقت ور نہیں ہیں، وہ بھی ہار گیا تھا، نہ آپ اتنے اچھے ہیں نہ ہم اتنے برے ہیں مل کر بیٹھیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆☆☆

کیا، پنجاب بھر میں 10 لاکھ سے زائد چھوٹے کاشتکار کسان کارڈ مستفید ہورہے ہیں، مریم نواز نے کسان بھائیوں سے مل کر اپنی سالگرہ کا کیک کاٹا، کاشتکاروں نے کسان کارڈ کو زراعت کے فروغ کیلئے ریڑھ کی ہڈی کے مترادف، وزیر اعلیٰ مریم نواز کے زراعت کے فروغ کیلئے اقدامات کو گیم چینجر قرار دیا، دریں اثنا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے منڈی بہاالدین کے عوام کیلئے اربوں کے پراجیکٹ کا افتتاح کردیا، مریم نواز کو گجرات سرگودھا روڈ پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، تقریباً 94.30 کلومیٹر گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر و بحالی کی جائے گی، ضلع منڈی بہاالدین میں دورویہ سڑک کے اطراف میں پختہ کنارے بھی بنائے جارہے ہیں، گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر پر لاگت کا تخمینہ 9ارب 80 کروڑ روپے ہے، مریم نواز نے منڈی بہاالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا افتتاح کیا، صدر بازار کی بیوٹیفکیشن 6 کروڑ 9 9لاکھ کی لاگت سے کی گئی، خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے فوارہ بھی نصب کیا گیا، اولڈ غلہ منڈی کی بیوٹیفکیشن کے پراجیکٹ کا افتتاح بھی کیا گیا، منڈی بہاالدین اولڈ غلہ منڈی کی بحالی، بیوٹیفکیشن پر 9 کروڑ 0 7لاکھ روپے خرچ ہوئے، اولڈ غلہ منڈی میں یادگار اور دیگر شاندار سہولتوں کے ساتھ خوبصورت پارک کی شکل دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 9 ☆☆☆

ہے کہ عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کل مولانا فضل الرحمان کی تقریر کے دوران موجود نہیں تھا، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں، انہوں نے کہا سارے فیصلے اس پارلیمان میں ہونے چاہیں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا کردار اس میں اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو اپوزیشن کا کردار ہے ہاؤس کو فعال کرنے میں ان کو کردار ادا کرنا ہوگا، جو لوگ چاہتے ہیں پارلیمان فعال نہ ہو ان کا مقصد پورا ہوچکا ہے آپ کو مبارک ہو، کمیٹیوں میں نہ بیٹھنے کے فیصلے سے پارلیمان کمزور ہوا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ خان صاحب نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں، انتخابی اصلاحات کمیٹی کی حد تک تو اپوزیشن لیڈر اپنے اختیارات استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر آپ چاہتے ہیں آنے والے انتخابات میں دھاندلی والے ایشو کو بہتر کیا جائے تو پی ٹی آئی کے اراکین اس میں شامل ہوں، سکیورٹی، معیشت اور خطے کی صورتحال کے متعلق آنے والے دنوں میں پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ وزرا اس ہاس کو پورے طریقے سے بریف کریں اور بتائیں کہ کیا مشکلات ہیں، بتائیں کہ ایران والے معاملے میں پاکستان کو کیا نقصان ہوسکتا ہے، دفاعی معاہدوں اور دہشتگردی والے ایشو پر بریف کیا جائے، انتخابی اصلاحات، دہشتگری اور دفاعی معاہدوں سے متعلق بریفنگ میں آپ کے نمائندے نہیں ہونگے

بقیہ نمبر 10 ☆☆☆

افراد ہلاک اور 10 زخمی ہوگئے جب کہ 3 زخمیوں کی حالت نازک ہونے کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرین کے سرکاری ریلوے کی صبح جیٹ انجن سے چلنے والے ڈرون نے ریلوے اسٹیشن کے اس پلیٹ فارم کو نشانہ بنایا جہاں زاپوریزیا جانے والی مسافر ٹرین کھڑی تھی۔ یوکرین کے ریلوے نے حملے سے قبل خطرے کی سطح بڑھنے کا انتباہ بھی جاری کیا گیا تھا تاہم اس کے باوجود پلیٹ فارم پر مسافر موجود رہے اور ہلاکتیں زیادہ ہوئیں۔ زخمیوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے حملے کو ہولناک قرار دیتے ہوئے امریکا، یورپی ممالک اور صنعتی ممالک کے گروپ جی 7- سے روس کے خلاف مزید سخت پابندیاں عائد کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے روسی توانائی کے شعبے اور بعض روسی ارب پتیوں پر پابندیوں میں نرمی پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ روس کی جانب سے حملوں میں اضافے کے پیش نظر ماسکو اور اس کی جنگی مشینری پر دباؤ بڑھانا ضروری ہے۔ ڈنیپرو کے میئر بوریس فلاتوف نے بھی واقعے کو شہر کے لیے بڑا سانحہ قرار دیا۔ یوکرینی ریلوے حکام کے مطابق رواں سال روسی حملوں میں ریلوے اسٹیشنوں، انجنوں اور مسافر ڈبوں سمیت 1700 سے زیادہ ریلوے تنصیبات کو نشانہ بنایا جاچکا ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆☆☆

دیا، ایمان مزاری اور ہادی علی پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنایا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی کو دہشت گردی کی دفعہ میں دس 10 سال قید اور ایک 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم دیا گیا، اس کے علاوہ دفعہ 353 میں دو 2 سال قید اور پچاس 50ہزار روپے جرمانے کی سزا کا حکم دیا گیا، مزید دفعہ 186 کے تحت ایک 1 سال قید اور پچاس 50ہزار روپے جرمانے کا حکم دیا گیا۔ عدالت کیجانب سے ملزمان کو دفعہ 382 کا فائدہ دیا گیا ہے، دفعہ 182 کے فائدے کے باعث ملزمان 10 سال قید کی سزا کاٹیں گے، 3 مختلف انفرادی دفعات کے تحت ملزمان کی مجموعی طور پر 13 سال سزا بنتی ہے۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو کمرہ عدالت سے جیل پولیس نے تحویل میں لے لیا، ایمان مزاری کو خواتین جیل پولیس اہلکار خواتین بیرکس میں لے گئی، ہادی علی چٹھہ کو مرد جیل پولیس اہلکار ساتھ لے گئے۔ عدالت کیجانب سے کچھ دیر قبل دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کیا گیا تھا، ایمان مزاری اور ہادی علی پر 7 اکتوبر کو فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ دونوں وکلا کیجانب سے صحت جرم سے انکار پر باقاعدہ ٹرائل کا آغاز ہوا، عدالت کیجانب سے کیس میں اسٹیٹ کونسل مقرر کیا گیا تھا۔ اسٹیٹ کونسل عاطف محمود کیجانب سے گواہان پر جرح کی گئی، پراسیکیوشن کیجانب سے مجموعی طور پر کیس میں 7 گواہان کو پیش کیا گیا تھا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف 25 اکتوبر 2024 کو مقدمہ درج کیا گیا تھا، ایمان مزاری اور ہادی علی اس کیس میں ضمانت پر تھے۔

بقیہ نمبر 12 ☆☆☆

تاکہ خطے میں امن قائم ہوسکے، میں دفاع کے دونوں معاہدوں میں شامل تھا، فیلڈ مارشل نے پاک بھارت جنگ کے بعد پاکستان کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کے بیان کا جواب دینا چاہتا ہوں، تہران میں ہونے والی ملاقاتوں میں میری موجودگی ضروری نہیں تھی، فیلڈ مارشل عاصم منیر امن کے پیامبر بن کر تہران گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ فیلڈ مارشل عالمی قیام امن کے لیے اہم کردار ادا کررہے ہیں، فیلڈ مارشل نے ایک جنگ رکوائی ہے، یمن کا تنازع بگڑ سکتا تھا، ہمارے آپس کے اختلافات میں وسیع القلبی کا مظاہرہ کیا جائے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کل موجودہ صورتحال اور حکومت کے طرز عمل کے زاویے پر مولانا فضل الرحمان نے تبصرہ کیا، مجھ ناچیز پر بھی تبصرہ ہوا، میں چاہتا تھا ان کا جواب اسی طرح ایوان کے سامنے رکھوں، تہران کے اندر کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہورہا تھا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سال سوا سال میں جنگ کی فتح کے بعد ایک کردار صلح کا ادا کیا ہے تاکہ خطے میں امن قائم ہو سکے، میں دفاع کے دونوں معاہدوں میں شامل تھا، انہوں نے میرے لئے کنسرن شو کیا ہے میں اس کے لئے مشکور ہوں، تہران میں وزیر دفاع نہیں آئے تھے، تہران میں میری وہاں پہ ضرورت نہیں تھی، نکتہ چینی مس پلیس تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے اس ضمن میں اور بھی باتیں کیں کہ وسیع القلبی کا مظاہرہ کریں، ان کے والد بڑی عظیم شخصیت تھے، وہ نوراکشتی کے تحت اپوزیشن لیڈر بنے، کوئی ایسی پارٹی نہیں ہے، سب کے ساتھ ان کا تعاون بھی رہا ہے حکمرانی میں شامل بھی رہے ہیں، وہ حکمرانی میں ہمارے حصہ دار تھے، ہم سب نے مل کے حکومت بنائی اس میں مولانا کا بڑا حصہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی وقت پنڈی کے حق میں بولتا ہوں تو میری 2004 کی تقریر یاد کرائی جاتی ہے، سب کے ساتھ وہ شراکت میں رہے ہیں اقتدار کے، ماضی کو ڈیلیٹ کرکے مخالفوں پر جوا ٹیک کرتے ہیں تو میرے میں اتنی اخلاقی جرات نہیں ہے، میرا ماضی میرے دماغ میں فریش ہوتا ہے، میں واحد سیاستدان ہوں جس نے ماضی پر معذرت کی ہو، ایل ایف او کے تحت حکومت بنی آپ حکمرانی میں حصہ دار تھے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آپ اپوزیشن لیڈر بھی تھے، دس سال کشمیر کمیٹی کے بھی چیئرمین رہے، کشمیر کے ساتھ کیا واسطہ ہے ان کا، یہ لوگ تو پاکستان کی آزادی کے خلاف تھے، ان کو جو اعزازات دیئے گئے ہم نے دیئے غلط کیا، مجھے طعنہ دیتے ہیں آپ بھی تو کچھ شرم اور حیا کریں، کن کن مراعات کو انجوائے کیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ کشمیر کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے انہوں نے کیا کارنامہ بائے انجام دیا ہے، فری رائیڈ لینے کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ خواجہ آصف کی تقریر کے دوران جے یو آئی اراکین کی ہنگامہ آرائی کی، وزیر دفاع نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ میری زبان نہ کھلوائیں، انہوں نے مذہب اور سیاست کو کمائی کا ذریعہ بنایا ہوا ہے، پی ڈی ایم حکومت میں انہوں نے جو کچھ کیا پھر سب بتادونگا۔ اس دوران اپوزیشن رکن عالیہ کامران نے کورم کی نشاندہی کر دی، ایوان کا کورم پورا نکلا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ خواتین ابھی بھی چپ نہیں کررہیں، مولانا کے پاس کوئی مرد نہیں بچا خواتین سے دفاع کروا رہے ہیں، میں آپ لوگوں کو گھر چھوڑ کر آؤں گا، یہ اپنی لیڈر کی عزت نہیں کروانا چاہتے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں سے ایوان میں 35، 36 سال سے سیاست کررہا ہوں، اس دوران خواجہ آصف نے شعر پڑھا کہ میرے ماضی کو دبا رہنے دو، میرا ماضی ذلت کے سوا کچھ بھی نہیں، پاکستان نے اپنے اصلی دشمن کے خلاف فتح حاصل کی، انہوں نے اس کی تعریف نہیں کی، اگر تعریف کی تو اس میں کنجوسی سے کام لیا، یہ ایسا موقع تھا جس پر ساری قوم کو متحد ہونا چاہیے تھا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ہم نے ڈپلومیٹک فرنٹ پر بھی بہت کامیابیاں حاصل کیں، ہمیں دنیا بھر میں ابھرتا ہوا مقام ملا، ایران سمیت دنیا بھر میں اس کی ستائش کی، اگر کسی نے نہیں کیا، یا کنجوسی کی تو اس ایوان میں سے ایسا ہوا، کچھ معاملات ایسے ضرور موجود ہیں جن پہ ہم غیر مشروط طور پر اتحاد کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بسوں ٹرکوں کے پیچھے لکھا ہوتا ہے محنت کر حسد نہ کر، جے یو آئی والوں کو نصیحت کروں گا محنت کریں حسد نہ کریں، کل کا کچھ ادھار تھا جو میں نے آج اتار دیا ہے، جے یو آئی کو خیبرپختونخوا حکومت میں حصہ دے دیا جاتا تو مولانا کل کی تقریر نہ کرتے

بقیہ نمبر 13 ☆☆☆

اہم پیشرفت، سفارتی پیشرفت کو دیرپا تعاون میں تبدیل کرنے کیلئے مشترکہ اصولوں پر اتفاق، اعتماد سازی اور ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے، خطے میں پائیدار امن وسلامتی کیلئے صرف مذاکرات کافی نہیں، باہمی احترام، ٹھوس وعدوں کے ذریعے تعاون کو آگے بڑھانا ہوگا

بقیہ نمبر 14 ☆☆☆

انہوں نے کہا کہ احادیث اور قرآنی آیات کا استعمال اپنے ذاتی مفاد کے لیے نہ کریں، یہ پاکستان شہدا کا ہے، یہ پاکستان ان کا نہیں ہے جنھوں نے بنگلے بنالیے اور بڑی بڑی گاڑیاں لے لیں، یہ پاکستان ان فوجی جوانوں کا ہے جو سرحد پر کھڑے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کیا ہمیں جیلوں میں نہیں ڈالا گیا تو کیا ہم عزت دینے والے پاکستان کو بھول جائیں، یہاں کبھی ہم پختون، سرائیکی، پنجابی اور بلوچ بن جاتے ہیں، جنھوں نے برا بھلا کہا ان کے اپوزیشن لیڈر بن گئے یہ حال مولانا صاحب کا ہے، اچکزئی صاحب آپ وہی ہیں جنھوں نے کہا تھا بلوچ اپنی فوج بنائیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ افغانستان اور ہندوستان آپ کو پاکستان سے زیادہ اچھا لگتا ہے، آئیں دہشتگردی کی اس جنگ میں، کل مولانا نے انتہا ہی کردی کہ آپ کے اور میرے شہید، آپ کے کون سے شہید ہیں؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی تقاریر سے پاکستان ٹوٹ جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جو اٹھتا ہے کہتا ہے کشمیر جارہا ہے کے پی جارہا ہے بلوچستان جارہا ہے، کسی مائی کا لال ایسا نہیں کرسکتا، پوری دنیا میں پاکستان کی خارجہ پالیسی کے ڈنکے بج رہے ہیں، وزیر اعظم کے بارے میں کہا کہ اس کو کون پوچھتا ہے اس کو سارے پوچھتے ہیں، دنیا بھر کے حکمران وزیراعظم سے ملنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج میں بلوچ پنجابی پشتون سندھی سب شامل ہیں، خیبر پختونخوا میں دہشتگرد آج منہ چھپا رہا ہے اور بھاگ رہا ہے، خیبرپختونخوا کی پولیس کے جوانوں کو آپ کی سیاست کے لیے کیوں کٹوادیں، مذہب کو اپنی سیاست کے لیے استعمال نہ کریں، آج پاکستان اس خطے کا محفوظ ملک ہے، پاکستان کے جھنڈے تلے سب کو اکٹھا ہونا چاہیے، پاکستان میں تفریق کرنے والوں کو میں نہیں مانتا۔

بقیہ نمبر 15 ☆☆☆

ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیر اعظم نے توسیعی منصوبوں کو معینہ مدت میں مکمل کرنے جبکہ توسیعی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے توسیعی منصوبوں اور مسافروں کی سفری سہولیات کو بہترین بنانے کے لیے اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، ہوائی اڈوں پر مسافروں کو سہولت فراہم کرنے والے افسران و عملے کو اعلیٰ سروس ڈیلیوری کی باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہوائی اڈوں پر موجود مختلف اداروں کے درمیان روابط کو مزید بہتر بنایا جائے اور مسافروں کی سہولت کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے، ہوائی اڈوں پر مسافروں کے لیے بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں اور کھانے پینے کی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک کے بڑے شہروں میں ہوائی اڈوں کی توسیع اور ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کو بڑے ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کے معیار کو جانچنے کے حوالے سے حال ہی میں بین الاقوامی فرم کے ذریعے مکمل کیے گئے سروے کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کے توسیعی منصوبوں کے علاوہ ملک بھر میں سول ایوی ایشن اتھارٹی کی جانب سے مختلف ہوائی اڈوں کی اپ گریڈیشن و جاری ترقیاتی کاموں پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کے رن وے کی توسیع مکمل ہو چکی ہے۔ اجلاس کو لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کے ماسٹر پلانز اور ان کے تحت توسیع کی منصوبہ بندی اور تعمیر کی معینہ مدت پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے تعمیر کو بین الاقوامی معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران سول ایوی ایشن اتھارٹی نے مقامی پروازوں کی بحالی کیلئے 14 ایئرپورٹس فعال کیے ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ایف آئی اے کی جانب سے مسافروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسٹاف اور کاؤنٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بڑے ایئرپورٹس پر بارڈر مینجمنٹ کے خودکار نظام (E-Gates) کی تنصیب پر کام تیزی سے جاری ہے۔ مزید برآں کراچی کو ایئر کارگو حب بنانے کے لیے یئر کارگو ویلیج پر بھی کام جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ہوائی اڈے پر مسافروں کی سہولت کے لیے میٹ اینڈ گریٹ سروس شروع کی گئی ہے۔ اسی طرح ایف آئی اے نے ملک کے بڑے ائیرپورٹس پر مسافروں کی بروقت راہنمائی کے لیے پری ڈیپارچر ڈیسک قائم کیے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حیدرآباد میں ہوابازی کے موجودہ ادارے کو مزید بہتر کرکے بین الاقوامی معیار کی ایوی ایشن یونیورسٹی بنائی جارہی ہے جس پر فروری 2028 تک کام شروع کردیا جائے گا۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزرا خواجہ محمد آصف، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، عطااللہ تارڑ، مشیر وزیر اعظم محمد علی، اراکین قومی اسمبلی راجہ اسامہ سرور، علی زاہد، وزیر اعظم کے کوارڈینیٹر سردار یاسر الیاس اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 16 ☆☆☆

اختیار کی جائے۔ علاوہ ازیں اسحاق ڈار کی زیر صدارت پاکستان کی تجارت اور برآمدات کے فروغ سے متعلق بین الوزارتی اجلاس منعقد ہوا جس میں عالمی تجارت، بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی اور انسانی حقوق، مزدوروں کے حقوق اور ماحولیاتی نظم و نسق سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے تجارتی سہولتوں کو بہتر بنانے، پاکستانی مصنوعات کے معیار میں بہتری اور یورپی یونین کے جی ایس پی پلس فریم ورک سے موثر اور جامع انداز میں استفادہ کرتے ہوئے منڈیوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی ہے کہ تجارت کے فروغ اور سہولت کاری کے لئے جاری کوششوں کی رفتار برقرار رکھی جائے۔ مزید برآں اسحاق ڈار سے مکہ اتحاد برائے دفاع کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم نے اہم ذمہ داریوں میں کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے علاقائی و عالمی امن و استحکام کے لئے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے کہا کہ مکہ دفاعی اتحاد علاقائی دیرپا امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ دریں اثنا اسحاق ڈار نے سلطنت عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ، علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے لئے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارت، کے عزم کا اعادہ کیا سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لئے دورے کے دوران طے پانے والی مفاہمتوں کی پیروی جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اسحاق ڈار نے تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج الدین مہرالدین سے بھی ٹیلی فونک رابطہ کیا جس کے دوران دونوں رہنماں نے پاکستان اور تاجکستان کے الدین سے بھی ٹیلی فونک رابطہ کیا جس کے دوران دونوں راوی استان اور تاجکستان کیلئے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار نے جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی 103 ویں سالگرہ کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان، وزیر خارجہ حاقان فیدان، حکومت اور برادر ترک عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو نہ کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے

بقیہ نمبر 17 ☆☆☆

آئی کافی دنوں سے میرے اوپر تبصرے کررہی ہے، میں ذاتی طور پر مولانا فضل الرحمان کا دل سے احترام اور عزت کرتا تھا، لیکن کل جب انہوں نے کہا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، وہ احترام ختم ہوگیا، انہوں نے احترام کی گنجائش نہیں چھوڑی، انہوں نے وزیر دفاع سے سوال کیا کہ دفاعی معاملہ تھا تو آپ کیوں نہیں گئے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ میرے اوپر اعتراض کیا کہ میں کیوں گیا تھا تو وہ دفاعی معاہدہ نہیں تھا، ایران کا جو دورہ تھا وہ کسی صورت دفاعی معاہدے کے لیے نہیں تھا، ان کی مثال وہ ہے کہ اگر ان کو حکومت میں حصہ ملے تو سب ٹھیک اور اگر حکومت میں کوئی کرادار نہیں ہے تو مخالف باتیں شروع کردیں۔ وزیر داخلہ کے خطاب کے دوران اپوزیشن نے ہنگامہ آرائی کی جب کہ محسن نقوی نے کہا کہ اب آپ کو ریاست سے پیسے اور نوکری نہیں ملی، یہ لوگ گورنر راج سے پہلے کہتے تھے ہماری ان سے جان چھڑوائیں، جب یہ ریاست کو نچوڑیں تو ان کی ماں ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆☆☆

افسران نے شرکت کی جبکہ ایڈیشنل آئی جی ساتھ پنجاب سمیت دیگر افسران ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں پولیس افسران اور اہلکاروں کیلئے رہائشی سہولیات میں اضافے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ خواتین پر تشدد، زیادتی اور استحصال کے مقدمات کی تفتیش میں مزید بہتری لانے کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ ڈیپوٹیشن پالیسی، ایل پی آر، ٹریننگ اور دیگر انتظامی و پالیسی امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران مختلف یونٹس کے سربراہان نے ایجنڈے میں شامل اور زیر بحث امور سے متعلق ٹھوس تجاویز اور اپنے مشاہدات پیش کیے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ سپروائزری افسران انتظامی امور کی موثر انجام دہی یقینی بنائیں اور ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اجلاس میں زیر بحث آنے والی تجاویز کو مزید بہتر اور اپ گریڈ کرکے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ آئی جی پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ اہم پالیسی امور پر موثر فیصلہ سازی کیلئے پولیس ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 19 ☆☆☆

ٹریز سمیت 12 کھلاڑیوں کو کیش انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا اور ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں والی بال ٹرافی جیتنے پر کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے شاباش دی۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ قومی و بین الاقوامی سپورٹس ایونٹس میں شاندار کارکردگی کے ذریعے محکمے کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں پر فخر ہے۔ پنجاب پولیس کے کھلاڑیوں نے ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈلسٹ کھلاڑی پنجاب پولیس کے ایمبیسڈرز ہیں، مزید ٹیلنٹ تلاش کرکے انہیں پاکستان پولیس سپورٹس ٹیموں کا حصہ بنایا جائے۔ پولیس سپورٹس بورڈ کے پلیٹ فارم سے میڈلز جیتنے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ آئی جی پنجاب نے ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں پاکستان پولیس باسکٹ بال ٹیم کو بھی چوتھی پوزیشن حاصل کرنے پر تعریفی اسناد اور کیش انعامات دینے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد، چیف سپورٹس آفیسر و آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ والی بال ٹیم کے مینیجر سب انسپکٹر زمان، کوچ کانسٹیبل محمد رفیق، اسسٹنٹ کوچ اے ایس آئی لیاقت علی اور ٹریز کانسٹیبل دلبر حسین کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات دیے گئے۔ انعامات حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں محمد وقاص، ساجد اقبال، عامر حسن، شاہد رسول، امجد علی، عاقب سعید، احمد سلیم اور محمد مغیث شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 20 ☆☆☆

تنخواہیں جاری کرنے کی منظوری دی۔ گزشتہ آئی جی پنجاب کے دور میں اسٹینڈنگ آرڈر میں ترامیم کے ذریعے ویٹنگ لسٹ میں شامل میرٹ اور قواعد وضوابط پر پورا اترنے والے امیدواروں کی بھرتی عمل میں لائی گئی تھی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ان کانسٹیبلز کی مالی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ون ٹائم ویور (One Time Waiver) کے تحت تنخواہیں جاری کرنے کی منظوری دی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ان کانسٹیبلز کی تنخواہیں جاری کرنے سے متعلق ترمیمی سمری کی باقاعدہ منظوری دے دی گئی ہے۔

بہاولپور: میاں شمس الدین کے خلاف سوشل میڈیا پر الزامات کی تردید قانونی کارروائی کا اعلان

ڈی پی او بہاول پور کو پیکا ایکٹ کے تحت کاروائی کیلئے بھی چیلے واہن کا ایک وفود ملاقات کیلئے جارہا ہے



بہاول پور (ایم اقبال انجم) بہاول پور کی تحصیل خیر پور ٹامیوالی بستی چیلے واہن کے معززین میاں لیاقت علی الحاج میاں محمد شاہد زمیندار میاں رشید احمد میاں عبدالستار اور میاں ظفر و دیگر اکابرین نے سوشل میڈیا پر میاں شمس الدین کے خلاف چلائے جانیوالے الزامات کی سختی سے تردید کی ہے اور احتجاج کرتے ہوئے سختی سے مزمت کا اظہار کیا ہے ساتھ ہی کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر میاں شمس الدن کو بدنام کرنے اور ان کی ساکھ عزت کو نقصان پہنچانے کیلئے کچھ عناصر سرگرم عمل ہو چکے ہیں جن کے خلاف میاں شمس الدین نے این سی سی آئی اے کو درخواست واگزار کر دی ہے اور ساتھ ہی ڈی پی او بہاول پور کو پیکا ایکٹ کے تحت کاروائی کیلئے بھی چیلے واہن کا ایک وفود ملاقات کیلئے جارہا ہے ادھر میاں شمس نے اپنے اوپر عائد کردہ الزامات کو بے بنیاد اور من گھڑت قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر میرے خلاف مہم چلانے والوں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائیگا ان کے خلاف بھرپور طریقہ سے کاروائی کی جائیگی

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، ایکسین ہائی وے طاہر عزیز، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، ایس ڈی او ہائی وے محمد موسیٰ اور دیگر افسران موجود تھے۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا وزٹ کیا انہوں نے ملتان روڈ پر ٹف ٹائلز کی تنصیب، شجرکاری، خانیوال چوک کی تزئین و آرائش، وی چوک کی گرین بیلٹس اور قائداعظم چوک کی تزئین و آرائش کے کاموں کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹف ٹائلز کی تنصیب میں معیار، لیول اور نکاسی آب کے تکنیکی امور یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹف ٹائلز کی مضبوطی اور پائیداری پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ چوکوں کی تزئین و آرائش میں معیار، خوبصورتی اور یکسانیت برقرار رکھی جائے کیونکہ چوکوں کی تزئین و آرائش شہری خوبصورتی اور مثبت تشخص میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے شجرکاری کے لیے موزوں پودے لگانے، ان کی مناسب دیکھ بھال، بروقت آبپاشی اور حفاظت کے موثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری اور گرین بیلٹس ماحولیاتی بہتری، صاف فضا اور شہر کی خوبصورتی کے لیے اہم ہیں، گرین بیلٹس بنانے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں اور ترقیاتی منصوبے مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں۔ اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، ایکسین ہائی وے طاہر عزیز، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، ایس ڈی او ہائی وے محمد موسیٰ اور دیگر افسران موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس اسیسمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اس موقع پر اے ڈی سی ریونیو صبا سحر، اے سی وہاڑی انعم، اے سی یو ٹی بدر دین شہریار، ای ٹی او رائے بشیر احمد کھرل اور دیگر افسران موجود تھے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس اسیسمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایک پٹرول پمپ اور ایک ہاسنگ سوسائٹی اراضی کی مالیت کا تعین کیا گیا اراضی کی مالیت کا تعین کنڈونیشن فیس کی وصولی کے لیے کیا گیا ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن پر کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے ضلعی انتظامیہ کوشاں ہے تمام کیسز میں اراضی کی مالیت کا تعین مارکیٹ ویلیو کے مطابق کیا گیا ہے سرکاری واجبات کے درست تعین اور قواعد و ضوابط پر عملدر آمد یقینی بنایا گیا ہے ڈپٹی کمشنر نے کنڈونیشن فیس کی وصولی کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی اس موقع پر اے ڈی سی ریونیو صبا سحر، اے سی وہاڑی انعم، اے سی یو ٹی بدر دین شہریار، ای ٹی او رائے بشیر احمد کھرل اور دیگر افسران موجود تھے اسسٹنٹ کمشنر بورے والا جواد حسین ملک نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت نہری پانی چوری کی روک تھام کے اقدامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں نہری پانی چوری کے واقعات، جرمانے، مقدمات کا اندراج اور گرفتاریوں بارے کارکردگی کو چیک کیا گیا۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت نہری پانی چوری کی روک تھام کے اقدامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نہری پانی چوری کے واقعات، جرمانے، مقدمات کا اندراج اور گرفتاریوں بارے کارکردگی کو چیک کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ انہار کے افسران کو پولیس کے ہمراہ نہری پانی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر نہری نظام کی آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے کینال مجسٹریس فیلڈ میں نہری پانی کی کڑی نگرانی کریں نہری پانی چوری کرنے والوں کو فوری موقع سے گرفتار کیا جائے محکمہ انہار کے افسران نہروں پر گشت کو بڑھائیں محکمہ انہار کے افسران جو پانی چوری روکنے میں عدم دلچسپی لے رہے ہیں ان کے خلاف سخت ایکشن ہو گا نہری پانی چوری کرانے میں ملوث محکمہ انہار کے ملازمین کو فوری نوکری سے برخاست کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ بروقت نشاندہی، مکمل شواہد اور موثر کوارڈینیشن سے پانی چوری کی روک تھام یقینی بنائی جائے پانی چوری کے مقدمات میں ملزمان کی مکمل شناخت ضروری دستاویزات اور ٹھوس شواہد فراہم کیے جائیں محکمہ آبپاشی ملزمان کی گرفتاری اور مقدمات کی پیروی کے لیے پولیس سے موثر رابطہ رکھے اس موقع پر اے ڈی سی انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس، اے سی وہاڑی انعم اکرم، اے سی یو ٹی بدر دین شہریار، ایکسین محکمہ انہار اپر ویسٹرن بار نادعلی، ایکسین لوئر ویسٹرن بار محمد فاروق ضیا، ڈی ڈی پی آر میاں نعیم عاصم اور دیگر افسران موجود تھے اے سی بورے والا جواد حسین اور اے سی میلسی سعد بن خالد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی

کوٹ لالو پولیس تھانہ کی حدود میں تاجر سے اڈھائی لاکھ روپے کی مبینہ ڈکیتی ہوئی

لنک روڈ پر گاؤں بلوچ خان چانگ کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر تاجر سراج احمد خاص خیلی سے 2 لاکھ 50 ہزار کی نقدی، موبائل فون چھین لیا

نوشہرو فیروز (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تاجر سے اڈھائی لاکھ روپے کی مبینہ ڈکیتی، کوٹ لالو پولیس تھانہ کی حدود حاجی جاوید شاہ رابطہ سڑک لنک روڈ پر گاؤں بلوچ خان چانگ کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر تاجر سراج احمد خاص خیلی سے 2 لاکھ 50 ہزار کی نقدی، موبائل فون چھین لیا اور با آسانی فرار ہو گئے پولیس کے مطابق مبینہ ڈکیتی واردات کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

محراب پور مبینہ موٹر سائیکل ڈکیتی واردات، کالج گارڈ نے مبینہ رہزن پکڑ لیا

رہزن کا کہنا تھا کہ انکی زمینی تکرار چل رہی ہے وہ مبینہ ڈکیتی واردات کو باہمی دشمنی کا رنگ دیکر فرار ہو گیا



نوشہرو فیروز (محبت ملک) محراب پور مبینہ موٹر سائیکل ڈکیتی واردات، کالج گارڈ نے مبینہ رہزن پکڑ لیا، مبینہ رہزن اور متاثرہ شخص کے ایک دوسرے پر الزامات، محراب پور پولیس تھانہ کی حدود میں بالائی روڈ پر گورنمنٹ ڈگری کالج برائے طالبات کے پاس زاہد سولنگی سے موٹر سائیکل ڈکیتی کی مبینہ واردات میں کالج کے گارڈ نے مبینہ رہزن کو پکڑ لیا، سید محلہ بالائی کے رہائشی متاثرہ شخص کے مطابق ڈکیتی کرنے والے رہزن کو چھینی گئی موٹر سائیکل سمیت کالج گارڈ نے پکڑا ہے دوسری جانب مبینہ رہزن کا کہنا تھا کہ انکی زمینی تکرار چل رہی ہے وہ مبینہ ڈکیتی واردات کو باہمی دشمنی کا رنگ دیکر فرار ہو گیا پولیس کے مطابق وہ مبینہ ڈکیتی واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

9 ماہ سے لاپتہ 11 سالہ بچی نورین فاطمہ دختر ارشاد اپنے ورثاء سے بحفاظت مل گئی

روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم پولیس، تمام شراکت داراداروں اور ملک بھر کے رضا کاروں کی تہہ دل سے شکرگزار ہے۔



کراچی (سلیم صفدر اعوان) روشنی ہیلپ لائن پر رپورٹ ہونے والی گیارہ سالہ نورین فاطمہ دختر ارشاد، جو کہ کراچی کے علاقہ مچھر کالونی سے مورخہ 16 جنوری 2026 کو گھر سے سامان لینے نکلی، واپس نہ آئی، اور پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی۔ بچی کی گمشدگی کی اطلاع ملنے کے بعد روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم نے بچی کی تلاش کے لیے تمام شراکت داراداروں، ملک بھر کے پولیس اسٹیشنز اور ہزاروں رضا کاروں کے تعاون سے بچی کی تلاش کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھیں۔ الحمدللہ، مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں بچی کو ماڑی چوک، کیماڑی سے بذریعہ پوسٹر پیسٹنگ تلاش کر کے بحفاظت اس کے ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ آج مورخہ 19 اکتوبر 2026 کو بچی اپنے حقیقی والدین کے ساتھ خیریت سے موجود ہے۔ روشنی ہیلپ لائن کی ٹیم پولیس، تمام شراکت داراداروں اور ملک بھر کے رضا کاروں کی تہہ دل سے شکرگزار ہے، جنہوں نے بچی کی تلاش میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ہے کہ ایک اور بچی اپنے خاندان سے دوبارہ مل گئی۔

ترنڈہ سوائے خان میں صفائی کا نظام سوالیہ نشان بن گیا

ترنڈہ سوائے خان میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لے کر ذمہ داران کی کارکردگی چیک کی جائے اور کچرے کی بروقت منتقلی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں،



رکن پور (نمائندہ خصوصی) ترنڈہ سوائے خان میں صفائی کا نظام سوالیہ نشان بن گیا، مختلف محلوں میں گندگی کے ڈھیر، شہری پریشان محکمہ ستھرا پنجاب کے سپروائزر فرمان اور عملے کی کارکردگی پر شہریوں کے اعتراضات، کچرا نہ اٹھانے سے تعفن پھیلنے لگا، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل رحیم یار خان ترنڈہ سوائے خان میں صفائی ستھرائی کے انتظامات متاثر ہونے پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں اور گلی محلوں میں کچرا جمع ہونے کے باعث ماحول آلودہ ہونے لگا ہے، جبکہ بدبو اور تعفن کے باعث اہل علاقہ کو روزمرہ آمد و رفت میں بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ گلی محلوں اور متعدد علاقوں میں صفائی کے امور پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ ستھرا پنجاب کے سپروائزر فرمان کی نگرانی میں کام کرنے والے بعض ورکرز کی مبینہ غفلت کے باعث کچرا بروقت ٹھکانے نہیں لگایا جا رہا، جس سے صفائی کی صورتحال مزید خراب ہو رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق صفائی کے عملے کی حاضری، فرائض کی ادائیگی اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کام کی نگرانی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ اگر متعلقہ حکام عملی اقدامات کریں تو شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جا سکتی ہے اور شہریوں کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جا سکتی ہے۔ اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان اور محکمہ ستھرا پنجاب کے ذمہ دار افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ ترنڈہ سوائے خان میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لے کر ذمہ داران کی کارکردگی چیک کی جائے اور کچرے کی بروقت منتقلی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں،

محمد عمر عالمگیر خالدی کے جواں سال بیٹے کے انتقال پر علاقے میں غم کی فضا چھا گئی

شرکائے جنازہ نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت و ایصال ثواب کیا اور اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) محمد عمر عالمگیر خالدی کے جواں سال بیٹے کے انتقال پر علاقے میں غم کی فضا چھا گئی۔ مرحوم کی نماز جنازہ بروز جمعرات، 29 اکتوبر 2026، بمقام حامد پور ادا کی گئی۔ نماز جنازہ مولانا زاہد علی خالدی نے پڑھائی نماز جنازہ میں سردار جام عدنان المعروف مٹھو خالدی۔ جام محمد ابوبکر شفیق حضرت مولانا حسن جان صاحب خالدی، حضرت مولانا زاہد علی خالدی، قاری محمد یوسف سعیدی صاحب خالدی، مولانا محمد معاویہ خالدی، چوہدری محمد عابد رکن پور، سردار شہباز مشتاق خالدی، حافظ حسنین احمد خالدی، شاہد علی خالدی، حاکم علی خالدی لاہور، میاں تنویر احمد خالدی، میاں نعمان خالدی، مجاہد علی خالدی، محمد حنیف خالدی، محمد عامر خالدی، محمد تنویر خالدی، مولانا عرفان احمد بھٹہ، قاری شبیر احمد صاحب خالدی، چوہدری محمد مصطفیٰ لاہور، حافظ طالب حسین خالدی، حافظ اعجاز حکیم خالدی، محمد سفیان خالدی، حاجی حنظلہ خالدی، حاجی حضور احمد خالدی، محمد عالمگیر خالدی، سردار ایاز احمد خالدی اور عبدالقدیر خالدی سمیت علاقے کی کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ شرکائے جنازہ نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت و ایصال ثواب کیا اور اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

مدینہ کالونی میں آٹھ ماہ سے بجلی کی ٹرالی گلی میں کھڑی، اہل محلہ کو شدید مشکلات کا سامنا

شہریوں نے اعلیٰ حکام سے بھی مسئلے کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے۔



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) مدینہ کالونی بھاگٹانوالہ میں واپڈا حکام کی مبینہ سستی اور عدم توجہی کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ٹرانسفارمر خراب ہونے کے بعد عارضی طور پر بجلی بحال کرنے کے لیے گلی میں کھڑی کی جانے والی ٹرالی آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود نہ ہٹائی جا سکی، جس کے باعث اہل محلہ کے لیے پیدل آمدورفت بھی مشکل ہو گئی ہے جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں گاڑی گزارنا ناممکن ہو چکا ہے۔ اہل محلہ مہر محمد افضل، رانا یوسف اسحاق، ارشد شاہین، محمد اشرف، عمیر اور عرفان سمیت دیگر رہائشیوں نے اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایس ڈی او واپڈا سب ڈویژن نمبر 2 بھاگٹانوالہ کو تحریری درخواست جمع کروا دی ہے۔ اہل محلہ کا کہنا ہے کہ گلی میں طویل عرصے سے کھڑی ٹرالی آمدورفت میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے اور شہری روزمرہ زندگی میں شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے متعلقہ واپڈا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے گلی سے ٹرالی ہٹائی جائے تاکہ اہل محلہ کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے بھی مسئلے کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

سرگودھا پراسیکیوشن ٹیم پنجاب بھر کے لیے رول ماڈل ہے، وزیر پراسیکیوشن رانا بلال احمد

انہوں نے کہا کہ سرگودھا پراسیکیوشن ٹیم کارکردگی اور مقدمات میں سزا دلوانے کی شرح کے لحاظ سے صوبے میں نمایاں مقام رکھتی ہے



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) وزیر پراسیکیوشن پنجاب رانا بلال احمد نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر سرگودھا ملک عامر شہزاد کی جانب سے موٹروے پولیس ایم۔ ٹو ساتھ کو قانونی رہنمائی فراہم کرنے اور بین الاداراتی تعاون کے فروغ کے اقدام کو سراہتے ہوئے سرگودھا پراسیکیوشن ٹیم کو پنجاب بھر کے لیے رول ماڈل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرگودھا پراسیکیوشن ٹیم کارکردگی اور مقدمات میں سزا دلوانے کی شرح کے لحاظ سے صوبے میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔ قانونی رہنمائی، شواہد کے تحفظ، تفتیش معروضی اور استغاثہ نویسی کے حوالے سے متعلقہ اداروں کی تربیت انصاف کی فراہمی کو موثر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ وزیر پراسیکیوشن نے ہدایت کی کہ دیگر اضلاع بھی سرگودھا ماڈل کی پیروی کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دیں۔ انہوں نے اس سلسلے میں سیکرٹری پراسیکیوشن مسرت جبین، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب عرفان صادق تارڑ، ڈی پی پی سرگودھا ملک عامر شہزاد، ایس پی موٹروے فیصل اکرم اور متعلقہ ٹیموں کی کاوشوں کو سراہا۔

ممتاز اور معروف کالم نویس شازیہ یاسین کی پہلی کتاب رازِ زیست شائع ہو گئی

کتاب میں انسانی احساسات، رشتوں کی اہمیت، امید، محبت، اعتماد، خود آگاہی اور خود شناسی جیسے موضوعات کو قلم بند کیا گیا ہے



مظفر آباد (رشید احمد نعیم) علم و ادب سے گہری وابستگی رکھنے والی معلمہ، کالم نگار اور ادیبہ شازیہ یاسین کی پہلی کتاب رازِ زیست شائع ہو گئی۔ کتاب میں انسانی احساسات، رشتوں کی اہمیت، امید، محبت، اعتماد، خود آگہی اور خود شناسی جیسے موضوعات کو قلم بند کیا گیا ہے۔ مصنفہ کا مقصد ادب کے ذریعے مثبت سوچ کو فروغ دینا اور معاشرے میں تعمیری تبدیلی کے امکانات اجاگر کرنا ہے۔ سکھر کی تحصیل پنو عاقل سے تعلق رکھنے والی شازیہ یاسین ایم اے اردو اور ایم ایڈ ہیں اور گزشتہ دو دہائیوں سے ایف جی ہائر سیکنڈری اسکول، پنو عاقل کینٹ میں تدریسی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ وہ تقریباً ایک دہائی سے مختلف اخبارات و رسائل میں کالم اور مضامین لکھ رہی ہیں اور اپنے ادارے کے اخبار ایجوکیشن نیوز کی واحد خاتون لکھاری بھی ہیں۔ شازیہ یاسین کی تحریریں دس سے زائد انتھالوجی کتب کے علاوہ پڑوسی ملک میں شائع ہونے والی کتب میں بھی شامل ہیں، جبکہ ان کی تین انتھالوجی کتب زیر طبع ہیں۔ ادبی مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے کے ساتھ وہ متعدد اعزازات بھی اپنے نام کر چکی ہیں اور شعبہ تدریس میں بہترین استاد کا اعزاز بھی حاصل کر چکی ہیں۔ رازِ زیست ان کی پہلی مستقل تصنیف ہے، جبکہ دوسری کتاب بھی زیر طبع ہے۔ ان کی ادبی کاوشیں تدریس اور قلم سے بیک وقت وابستگی اور مثبت سماجی فکر کی عکاس ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو صبا سحر کی زیر صدارت ریونیو امور پر اجلاس منعقد ہوا

جبکہ اسسٹنٹ کمشنر بورے والا جواد حسین اور اسسٹنٹ کمشنر میلسی سعد بن خالد نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔



وہاڑی (عبدالغفار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو صبا سحر کی زیر صدارت ریونیو امور پر اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا، پلس پاپٹینشنز، کھیوٹ میوٹیشن کے مسائل اور ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم (RCMS) پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو صبا سحر نے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس (GPC) کے روزانہ اہداف پورے کرنے اور پاپٹینشنز کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کھیوٹ میوٹیشن کے مسائل حل کرنے اور آر سی ایم ایس کے تحت مقدمات جلد نمٹانے پر بھی زور دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو صبا سحر نے کہا کہ ریونیو افسران اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ جی پی سی کے اجرا، پلس پاپٹینشنز اور کھیوٹ میوٹیشن کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر میلسی اور ان کی ٹیم کو بہترین کارکردگی پر شاباش بھی دی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، جی اے آر شیر محمد، ڈی ڈی پلیر احسان غنی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر پلس شہباز شریف اور دیگر افسران موجود تھے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر بورے والا جواد حسین اور اسسٹنٹ کمشنر میلسی سعد بن خالد نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

گروہی تصادم میں تین افراد زخمی ہو گئے، اسپتال منتقل ہو گئے

جس میں کلہاڑی، ڈنڈے اور اینٹیں چل گئیں، اس تصادم میں اللہ وسایو کوربجو، غلام مرتضیٰ کوربجو سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے



نوشہرو فیروز (ایف اے آئی) گروہی تصادم میں تین افراد زخمی ہو گئے، اسپتال منتقل، نیو جتوئی پولیس تھانہ کی حدود گاں میر محمد کوربجو میں زرعی اراضی کی تکرار پر کوربجو برادری کے دو گروپوں میں تصادم ہو گیا جس میں کلہاڑی، ڈنڈے اور اینٹیں چل گئیں، اس تصادم میں اللہ وسایو کوربجو، غلام مرتضیٰ کوربجو سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا ہے زرعی اراضی کی ملکیت پر دو گروپوں میں تصادم ہوا ہے فریقین کی رپورٹ درج کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

لاہور: پندرھویں انٹرنیشنل عزت رسول و بتول کانفرنس امت مسلمہ سے متحد ہونے کی اپیل

پاک فوج عالم اسلام کا فخر، شہدائے وطن کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، علما مشائخ کا خطاب



لاہور (نامہ نگار) رسول کریم کی سیرت طیبہ ہم سب کے لیے متفقہ اور مشترکہ لائحہ عمل ہے جب سے ہم اس سے دور ہوئے استعماری قوتوں کے ہاتھوں یرغمال ہیں ہم نے اجتماعی مفادات کی بجائے اپنے ذاتی مفاد کو ترجیح دی آج جن عالمی چیلنجز کا ہمیں سامنا ہے انکا مقابلہ متحد ہو کر کیا جا سکتا ہے ہماری عافیت و عزت رسول اللہ کے دامن کو مضبوطی تھامنے میں ہے انہوں نے مزید کہا کہ یہ ملک ہمارے اکابر و اسلاف نے بنایا ہم ہی اسکے حقیقی وارث ہیں محکمہ اوقاف پنجاب میں ملک کی سواد اعظم اہل سنت و جماعت کے علماء خطباء سے امتیازی سلوک برتا جا رہا ہے اور انکو بلاوجہ تنگ کیا جانا بند کیا جائے ان خیالات کا اظہار جید علما اور مشائخ عظام نے مرکزی جماعت اہل سنت کے زیر اہتمام پندرھویں سالانہ عزت رسول بتول کانفرنس سے خطاب دوران کیا جسمیں دو سو زادو دینی مدارس کے سربراہان مفتیان کرام نے شرکت کی ناظم اعلیٰ مرکزی جماعت اہلسنت عالمی مبلغ اسلام پیر سید عرفان مشہدی کی سرپرستی میں ہونیوالی اس کانفرنس کی صدارت امیر مرکزی جماعت اہل سنت پاکستان پیر عبدالخالق القادری نے کی جبکہ مہمانان خصوصی صاحبزادہ دیوان احمد مسعود چشتی فاروقی، سید غلام نظام الدین جامی گولڑہ شریف، پیر اسرار الحق چشتی نظامی، علامہ سید مظفر حسین شاہ قادری، پیر سید حبیب عرفانی، پیر حسان حسیب الرحمان، پیر احسان دانش قادری، سید ضمیر الحسن سید سرور حسین موسوی، سید شبیہ الحسن مشہدی، صاحبزادہ سلیمان قمر بانی، کے علاوہ چاروں صوبوں سے عوام اہل سنت کی کثیر تعداد موجود تھی ناظم اعلیٰ مرکزی جماعت عالمی مبلغ پیر سید عرفان مشہدی نے کہا فتنہ خوارج اسلام اور پاکستان کے لیے خطرہ ہیں انکی سرکوبی کے لیے پاک فوج کی جدوجہد قابل تحسین ہم فوجی جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اقوام متحدہ سے مطالبہ ہے کہ مسلمانوں کے مقدسات کے بارے میں دوہرا معیار ترک کرے اور فلسطین و کشمیر کے بارے میں اپنی قراردادوں پر عمل کروائے قانون ناموس رسالت میں تبدیلی کسی طرح بھی قبول نہیں کریں گے البتہ اسکا غلط استعمال بھی قابل مذمت ہے قادیانی اسلام اور پاکستان کے غدار ہیں آئین پاکستان کی رو سے غیر مسلم اقلیت ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ہم پاکستان کے حقیقی وارث ہیں کیونکہ یہ ملک ہمارے اکابر نے بنایا آج جو پاکستان کے خیرخواہ ہونے کے دعویدار ہیں انکے بڑوں نے کہا تھا کہ پاکستان کی پ بھی نہیں بننے دیں گے یہ علماء و مشائخ اہل سنت تھے کہ جنہوں نے قائداعظم کا بھرپور ساتھ دیا اور یہ ملک معرض وجود میں آیا۔ ہم اسلاف و اکابر کے عقائد کے ترجمان و وارث ہیں اور یہ ذمہ داری ہمیں قائد ملت اسلامیہ شاہ احمد نورانی نے دی آخر میں پاک فوج کی قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیہ جسکی ہم جملہ معاملات عقائد و عبادات میں مشاہیر و جمہور علما اہل سنت کی تشریحات کے پابند ہیں جنکا اثبات محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی حضرت مجدد الف ثانی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی اور سیدنا پیر مہر علی شاہ گولڑوی نے فرمایا ہے تمام مفتیان کرام نے اس بات پر اتفاق کیا انبیا کرام و ملائکہ علیہم السلام کے علاوہ کوئی معصوم نہیں تاہم خواص ذوات محفوظ ہیں۔ سیدہ کائنات حسنین کریمین اور انکی اولاد سے محبت و مودت حکم قرآنی اور حضور کی ازواج مطہرات بھی اہل بیت ہیں جو شخص اپنے قول و عمل سے اہل بیت کو اذیت پہنچائے وہ ناصبی ہے اور جو اصحاب رسول سے بغض رکھے وہ رافضی ہے کیونکہ صحابہ کرام ایمان تقویٰ کا اعلیٰ نمونہ ہیں اور سب جنتی ہیں صحابہ کرام کی بے ادبی جو دلیل قطعی کے خلاف ہو کفر ہے۔ اسی طرح اہل بیت رسول میں سے وہ ہستیاں جو اہل کسا ہیں رسول پاک کی محبوب ہستیاں ہیں۔ سادات کی تعظیم واجب ہے جنکا سبب نسبت رسول ہے۔ مشاجرات صحابہ میں کف لسان میں دین و ایمان کی سلامتی ہے مگر ہم یقین رکھتے ہیں کہ تمام تر جنگوں میں مولا علی حق پر اور برصواب تھے اولیا اللہ نائب رسول ہیں اور ولایت وہبی ہے جو تابع شریعت ہو جس کے باطن میں تزکیہ ہو موجودہ حالات میں فقہ حنفی کی ترویج اشاعت پر زور دیا جائے اور ملک کی سلامتی و نظام مصطفیٰ کی پرامن جدوجہد پر زور دیا جائے۔

دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا خاندانی طرہ امتیاز ہے میاں آصف بشیر متیانہ

ہمارے دروازے بلاتفریق ہر شخص کے لیے کھلے ہیں اور ہم خدمت خلق کو اپنا اخلاقی، دینی اور خاندانی فریضہ سمجھتے ہیں



منڈی مدرسہ (نامہ نگار) دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا خاندانی طرہ امتیاز ہے: میاں آصف بشیر متیانہ میاں آصف بشیر متیانہ، صدر میڈیکل سٹور یونین منڈی مدرسہ نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت ہمارے خاندان کا طرہ امتیاز ہے۔ ہمارے دروازے بلا تفریق ہر شخص کے لیے کھلے ہیں اور ہم خدمت خلق کو اپنا اخلاقی، دینی اور خاندانی فریضہ سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے ہمیشہ انسانیت سے محبت، ہمدردی، اخوت اور بھائی چارے کا درس دیا اور ضرورت مندوں کی مدد کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا۔ ہم اسی روشن روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے لوگوں کے دکھ درد میں شریک ہونے اور ان کی مشکلات کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانیت کی حقیقی خدمت کسی نمود و نمائش کی محتاج نہیں، بلکہ یہ خلوص نیت، محبت اور احساس ذمہ داری سے عبارت ہے۔ معاشرے میں امن، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے کام آئیں، کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت ہی وہ عمل ہے جو دلوں کو جوڑتا اور معاشرے کو مضبوط بناتا ہے۔

جنوبی پنجاب کو الگ صوبے کا درجہ دلانے کے لیے تحریک جاری رہے گی، سعد خورشید خان کانجو

انہوں نے کہا کہ بالائی پنجاب میں ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں، جبکہ جنوبی پنجاب کو متعدد انتظامی، معاشی اور بنیادی مسائل کا سامنا ہے



لودھراں (چوہدری منیر سے) صوبہ بنا جنوبی پنجاب تحریک کے سربراہ سعد خورشید خان کانجو نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کو الگ صوبے کا درجہ دلانے کے لیے تحریک جاری رہے گی، جنوبی پنجاب کے عوام کو ان کے آئینی و قانونی حقوق کی فراہمی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا وقت کا تقاضا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالائی پنجاب میں ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں، جبکہ جنوبی پنجاب کو متعدد انتظامی، معاشی اور بنیادی مسائل کا سامنا ہے۔ خطے کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر عوامی ضروریات میں اضافہ ہو رہا ہے، تاہم ترقیاتی منصوبوں اور وسائل کی تقسیم کے حوالے سے بھی تحفظات پائے جاتے ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے جنوبی پنجاب کو الگ صوبے کا درجہ دینا ضروری ہے۔ وہ ضلع کونسل ہال لودھراں میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر شیخ سیف الدین سیفی، ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب لودھراں رجسٹرڈ کے صدر ملک محمد شفیق آرائیں، چوہدری عبدالرزاق جٹ، ملک ظفر اللہ دریا ایڈووکیٹ، میڈم عفت طاہرہ سومرو ایڈووکیٹ ملک شاہنواز کلیار، رادیم، سابق کونسلر سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات موجود تھیں۔ سعد خورشید خان کانجو نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو ترقیاتی وسائل میں ان کی آبادی اور ضروریات کے مطابق حصہ ملنا چاہیے۔ تعلیم، صحت، روزگار، صاف پانی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کی پسماندگی کے خاتمے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر حکمت عملی مرتب کرنے کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں پر شفاف انداز میں عمل درآمد ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث انتظامی امور اور عوامی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے پیش نظر جنوبی پنجاب کے لیے الگ صوبائی انتظامی ڈھانچے کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق پنجاب اسمبلی میں جنوبی پنجاب کے صوبے کے قیام سے متعلق قرارداد کی منظوری کے بعد اس معاملے پر عملی پیش رفت ہونی چاہیے اور آئینی و قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے صوبے کے قیام کا عمل آگے بڑھایا جائے۔ تحریک کے سربراہ نے مطالبہ کیا کہ جنوبی پنجاب کو فوری طور پر صوبے کا درجہ دینے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ جنوبی پنجاب صوبہ ملتان، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور ڈویژنوں پر مشتمل ہونا چاہیے، جبکہ بہاولپور صوبے کی بحالی کا مطالبہ بھی اپنی تاریخی حیثیت کے تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خطے کے عوام کی امنگوں اور انتظامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس معاملے کا قابل عمل حل نکالا جائے۔ سعد خورشید خان کانجو نے کہا کہ صوبہ بنا جنوبی پنجاب تحریک کا بنیادی مقصد خطے کے عوام کو ان کے جائز حقوق دلانا، ترقیاتی محرومیوں کا خاتمہ اور وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تحریک جنوبی پنجاب کے صوبے کے قیام تک جاری رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی پنجاب کے عوام ایک الگ صوبے کے ذریعے انتظامی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل کے حل میں بہتری کے خواہاں ہیں، اس لیے متعلقہ حکام اور سیاسی قیادت کو اس دیرینہ مطالبے پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنے چاہئیں۔

گگو منڈی پولیس کی خواتین اور بچوں سے متعلق جرائم کے خلاف کارکردگی تسلی بخش ہے، مسلم لیگی رہنما

دیگر مسلم لیگی رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی کی خواتین سے متعلق جرائم کے حوالے سے کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا

گگو منڈی (نامہ نگار) خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم، بالخصوص جنسی جرائم سے نمٹنے کے حوالے سے تھانہ گگو منڈی کی کارکردگی کو مسلم لیگی رہنماؤں نے تسلی بخش قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی حسن آفتاب کیانی نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین سے متعلق جرائم کے حل کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ اس حوالے سے تحصیل بورے والا کے مسلم لیگی اراکین صوبائی اسمبلی چوہدری محمد یوسف کسیلیہ، سابق اراکین قومی اسمبلی چوہدری نذیر احمد آرائیں اور چوہدری فقیر احمد، سابق رکن صوبائی اسمبلی سردار خالد محمود ڈوگر، سابق چیئرمین ملک محمد فاروق، سابق چیئرمین میاں شہزاد اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی کی خواتین سے متعلق جرائم کے حوالے سے کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا۔ رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین اور بچوں کے تحفظ، ان کے حقوق کے دفاع اور جرائم کے تدارک کے لیے موثر اقدامات جاری رہنے چاہئیں تاکہ متاثرہ افراد کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

پولیس پر فائرنگ، جوابی فائرنگ میں رہزن موٹر سائیکل چھوڑ کر کیلے کے باغ میں چھپ گئے

پولیس ذرائع کے مطابق ایک رہزن اظہر سولنگی زخمی ہوا ہے آخری اطلاعات تک پولیس نے کیلے کے باغ کا گھیرا کیا ہوا تھا۔



نوشہرو فیروز (آئی پی ایس) موٹر سائیکل ڈکیتی واردات، رہزنوں کی تعاقب میں آنے والی پولیس پر فائرنگ، جوابی فائرنگ میں رہزن موٹر سائیکل چھوڑ کر کیلے کے باغ میں چھپ گئے، خان واہن پولیس تھانہ کی دیہات بہارو ملاں رابطہ سڑک (لنک روڈ) پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے رہزنوں کا بالائی پولیس نے تعاقب کیا تو رہزنوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی، رہزنوں کی پولیس پر فائرنگ کی اطلاع پر خان واہن اور کوڑی کبیر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی، اس موقع پر جوابی پولیس فائرنگ پر رہزن موٹر سائیکل چھوڑ کر قریبی کیلے کے باغ میں چھپ گئے پولیس نے کیلے کے باغ کا محاصرہ کر لیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق ایک رہزن اظہر سولنگی زخمی ہوا ہے آخری اطلاعات تک پولیس نے کیلے کے باغ کا گھیرا کیا ہوا تھا۔

سنوکر کلبوں میں منشیات کا مبینہ استعمال بڑھنے لگا نوجوانوں کے ساتھ کم عمر بچے بھی متاثر ہونے کا خدشہ

والدین اپنے بچوں کے مستقبل کے حوالے سے شدید پریشان ہیں اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

گگو منڈی (نامہ نگار) شہر اور اس کے گردونواح میں قائم سنوکر کلبوں میں منشیات کے مبینہ سرعام استعمال کے حوالے سے شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق نوجوانوں کے ساتھ ساتھ کم عمر بچے بھی آئس اور چرس جیسی منشیات کی لت میں مبتلا ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں، جو معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر اس صورتحال پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو نوجوان نسل کا مستقبل تباہ ہونے کا خدشہ ہے والدین اپنے بچوں کے مستقبل کے حوالے سے شدید پریشان ہیں اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

مونجی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی پر سوار تھا کہ راستے میں اچانک وہ بجلی کی مین تاروں سے ٹکرا گیا

واقعے کے بعد موقع پر موجود افراد نے فوری طور پر زخمی مزدور کو طبی امداد کے لیے مریم نواز ہسپتال گگو منڈی منتقل کیا، جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی

گگو منڈی (نامہ نگار) چک نمبر 227/ای بی کا رہائشی مزدور مونجی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی پر سوار تھا کہ راستے میں اچانک وہ بجلی کی مین تاروں سے ٹکرا گیا، جس کے نتیجے میں اسے بجلی کا شدید کرنٹ لگ گیا اور وہ بری طرح زخمی ہو گیا۔ واقعے کے بعد موقع پر موجود افراد نے فوری طور پر زخمی مزدور کو طبی امداد کے لیے مریم نواز ہسپتال گگو منڈی منتقل کیا، جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ تاہم زخمی کی تشویشناک حالت کے پیش نظر اسے مزید علاج کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بورے والا منتقل کر دیا گیا واقعے کے باعث علاقے میں تشویش کی فضا پھیل گئی ایسے واقعات سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ زرعی اجناس سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں پر سفر کرتے وقت بجلی کی تاروں سے مناسب فاصلہ رکھا جائے اور احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔

گگو منڈی: بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار 2 کلوگرام چرس برآمد

ملزم آصف ڈوگر عرف کاشی ڈوگر کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی



گگو منڈی (نامہ نگار) ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی حسن آفتاب کیانی نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر بدنام زمانہ منشیات فروش آصف ڈوگر عرف کاشی ڈوگر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے 2 کلو چرس برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے چک نمبر 257 ای بی میں بوائز اسکول کے قریب چھاپہ مار کر ملزم آصف ڈوگر عرف کاشی ڈوگر کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی۔ اس موقع پر ایس ایچ او حسن آفتاب کیانی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ نوجوان نسل کو منشیات جیسی لعنت سے محفوظ رکھنا پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

رحیم یار خان زرعی ادویات ڈیلرز کی رجسٹریشن اور تجدید کا شیڈول جاری

جاری کردہ شیڈول کے مطابق نئے زرعی ادویات ڈیلرز کی تربیت 6 نومبر سے 12 نومبر 2026 تک ہوگی، جس کی فیس 7,986 روپے مقرر کی گئی ہے

رکن پور (نمائندہ خصوصی) رحیم یار خان زرعی ادویات ڈیلرز کی رجسٹریشن اور تجدید کا شیڈول جاری ڈائریکٹر زراعت (پلانٹ پروٹیکشن) پنجاب کے دفتر کی جانب سے مالی سال 2026-27 کے لیے زرعی ادویات ڈیلرز کی رجسٹریشن اور تجدید کا پروگرام جاری کر دیا گیا ہے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق نئے زرعی ادویات ڈیلرز کی رجسٹریشن اور تجدید کے لیے آن لائن درخواستیں ای بز (eBiz) پورٹل کے ذریعے جمع کروائی جائیں گی اعلامیے کے مطابق درخواست گزار 1 نومبر سے 5 نومبر 2026 تک آن لائن درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں درخواست کے ساتھ شناختی کارڈ کی کاپی تصدیق شدہ فوٹو کاپی پاسپورٹ سائز تصویر اور متعلقہ لائسنس کی کاپی سمیت مطلوبہ دستاویزات اپ لوڈ کرنا ہوں گی درخواست گزاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پورٹل پر اپنی معلومات درست درج کریں اور مقررہ فیس آن لائن جمع کروائیں جاری کردہ شیڈول کے مطابق نئے زرعی ادویات ڈیلرز کی تربیت 6 نومبر سے 12 نومبر 2026 تک ہوگی، جس کی فیس 7,986 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ تجدید کے لیے تربیتی پروگرام 6 نومبر سے 8 نومبر 2026 تک منعقد ہوگا اور اس کی فیس 3,993 روپے مقرر کی گئی ہے متعلقہ حکام نے زرعی ادویات کے ڈیلرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخوں کے اندر رجسٹریشن یا تجدید کا عمل مکمل کریں تاکہ کسی قسم کی دشواری سے بچا جا سکے

ساہیوال: ایم این اے چوہدری عثمان علی کی چک L-79/5 آمد

چوہدری عثمان علی ایم این اے کے ہمراہ ان کے بڑے بھائی چوہدری ذیشان علی بھی موجود تھے ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) چک نمبر L-79/5 ساہیوال میں چوہدری عثمان علی ایم این اے حلقہ NA-142 کی ڈیرہ ماسٹر امجد رضوان آرائیں المعروف ماسٹر آئی ٹی والے پر آمد ہوئی جہاں انہوں نے معززین علاقہ سے ملاقات کی اور علاقے کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر مہر کاشف ندیم سہانہ، چوہدری مزمل حسین آرائیں، رائے منظور حسین کھرل، مہر طارق مرتضیٰ سہانہ، مہر فضل عباس سہانہ، چوہدری محمد حنیف آرائیں، چوہدری محمد سرور، رانا مزمل نور، ماسٹر اصغر سمیت دیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے ملاقات کے دوران شرکا نے چوہدری عثمان علی ایم این اے NA-142 پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کی حمایت جاری رکھنے اور مستقبل میں بھی باہمی تعاون کے ساتھ آگے بڑھنے کے عزم کا اعادہ کیا اس موقع پر علاقائی امور پر گفتگو کے ساتھ عوامی رابطوں اور باہمی مشاورت کی اہمیت بھی اجاگر ہوئی چوہدری عثمان علی ایم این اے کے ہمراہ ان کے بڑے بھائی چوہدری ذیشان علی بھی موجود تھے ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں علاقہ معززین نے باہمی روابط اور تعاون کو مزید مستحکم رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

ہڑپہ مین جی ٹی روڈ پر سڑک کے درمیان رکشہ اسٹینڈ قائم، تجاوزات کے خاتمے کے احکامات پر عملدرآمد سوالیہ نشان بن گیا

ہڑپہ اسٹیشن کے مین جی ٹی روڈ پر مرکزی چوک کے قریب سڑک کے درمیان لوہے کے جنگلے لگا کر رکشہ اسٹینڈ قائم کر دیا گیا ہے



ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) مین جی ٹی روڈ ہڑپہ اسٹیشن پر نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی ملکیتی سڑک کے عین درمیان رکشہ اسٹینڈ کی تعمیر اور لوہے کے جنگلے نصب کیے جانے کا معاملہ سامنے آنے پر متعلقہ افسران و عملے کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے ہیں وفاقی وزیر مواصلات علیم خان کی جانب سے سرکاری اراضی کے ایک ایک انچ کو تجاوزات سے واگزار کرانے کے احکامات کے باوجود مرکزی شاہراہ پر رکشہ اسٹینڈ قائم ہونا انتظامی نگرانی اور تجاوزات کے خاتمے کے دعوؤں کے لیے ایک بڑا سوال بن گیا ہے تفصیلات کے مطابق ہڑپہ اسٹیشن کے مین جی ٹی روڈ پر مرکزی چوک کے قریب سڑک کے درمیان لوہے کے جنگلے لگا کر رکشہ اسٹینڈ قائم کر دیا گیا ہے جس سے نہ صرف شاہراہ کی گنجائش محدود ہو گئی ہے بلکہ ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے مصروف شاہراہ اور مرکزی چوک کے قریب اس نوعیت کی تعمیر شہریوں مسافروں اور دیگر ٹریفک کے لیے مشکلات کا باعث بن سکتی ہے تشویش ناک امر یہ ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی ملکیتی سڑک پر ضلع کونسل ساہیوال کی جانب سے رکشہ اسٹینڈ قائم کیے جانے کے معاملے پر متعلقہ حکام کی توجہ اور قانونی اجازت سے متعلق سوالات سامنے آ رہے ہیں اگر یہ تعمیر بغیر مجاز اجازت کے کی گئی ہے تو اس کی ذمہ داری کا تعین اور قواعد کے مطابق کارروائی ضروری ہے عوامی حلقوں کی جانب سے بیٹ 16 کے تعینات عملے اور متعلقہ افسران کی مبینہ غفلت یا ممکنہ ملی بھگت کی تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف تجاوزات کے خاتمے کے لیے سخت احکامات جاری کیے جاتے ہیں جبکہ دوسری طرف مرکزی شاہراہ کے درمیان رکشہ اسٹینڈ قائم ہونے سے ان احکامات پر عمل درآمد کی صورت حال واضح کرنے کی ضرورت ہے عوامی و سماجی حلقوں نے وفاقی وزیر مواصلات علیم خان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے اعلیٰ حکام اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے مطالبہ کیا ہے کہ مین جی ٹی روڈ ہڑپہ پر قائم رکشہ اسٹینڈ کی قانونی حیثیت تعمیر کی منظوری اور ذمہ داروں کے کردار کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اگر غیر قانونی تجاوزات ثابت ہونے پر انہیں فوری ختم کیا جائے اور سڑک کو ٹریفک کی روانی کے لیے بحال کیا جائے۔

لودھراں دوران سفر ہنڈا سٹی گاڑی کی اصل فائل اور نمبر پلیٹ کار میں سے چوری ہو گئی ہے

اگر کسی شخص کو مذکورہ فائل یا نمبر پلیٹ ملے تو وہ مالک ملک محمد عباس آرائیں سے رابطہ کر کے واپس کر سکتا ہے

لودھراں (چوہدری منیر سے) موضع روانی، گیلے والا، ضلع لودھراں کے رہائشی ملک محمد عباس ولد ملک عاشق محمد آرائیں کی ہنڈا سٹی ماڈل 2026 کی گاڑی کی اصل فائل اور نمبر پلیٹ علاقہ گیلے والا میں چوری ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گاڑی کا رجسٹریشن نمبر BTX-722، چیسز نمبر NFBGN8627TR067471 جبکہ انجن نمبر L12B5110891 ہے۔ گاڑی کی اصل فائل اور نمبر پلیٹ چوری کے واقعے کی رپورٹ تھانہ گیلے وال میں درج کروا دی گئی ہے۔ متعلقہ شہری نے گاڑی کی اصل فائل اور نمبر پلیٹ تلاش کرنے میں تعاون کی اپیل کی ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ فائل یا نمبر پلیٹ ملے تو وہ مالک ملک محمد عباس آرائیں سے رابطہ کر کے واپس کر سکتا ہے۔

انسپکٹر عاشق عابد مہار کو تھانہ صدر عارفوالا میں بطور ایس ایچ او تعینات کر دیا گیا

عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ان کا سائلین کے ساتھ خوش اسلوبی اور عزت و احترام سے پیش آنا ان کی اعلیٰ ظرفی اور کمال شخصیت کی عکاسی کرتا ہے۔



عارفوالا (اختر علی عباسی) انسپکٹر عاشق عابد مہار کو تھانہ صدر عارفوالا میں بطور ایس ایچ او تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈی پی او پاکپتن کی جانب سے کیا گیا یہ فیصلہ عوامی حلقوں میں انتہائی خوش آئند قرار دیا جا رہا ہے۔ سماجی و سیاسی شخصیت چوہدری گلباز جٹ نمبردار چک نمبر 167 ای بی نے اس تعیناتی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسپکٹر عاشق عابد مہار کی تھانہ صدر میں بطور ایس ایچ او تعیناتی عارفوالا کے عوام کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ یاد رہے کہ انسپکٹر عاشق عابد مہار اس سے قبل بھی تھانہ صدر عارفوالا میں اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے سرانجام دے چکے ہیں۔ ان کے سابقہ دور تعیناتی میں تھانہ صدر کی حدود میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی تھی۔ انسپکٹر عاشق عابد مہار کا شمار پنجاب پولیس کے بہترین، پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل اور منجھے ہوئے آفیسرز میں ہوتا ہے۔ وہ شریف شہریوں کے لیے انتہائی مہربان اور شفیق جبکہ جرائم پیشہ عناصر کے لیے خوف کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران مختلف وارداتوں میں لوٹا گیا کروڑوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ان کا سائلین کے ساتھ خوش اسلوبی اور عزت و احترام سے پیش آنا ان کی اعلیٰ ظرفی اور کمال شخصیت کی عکاسی کرتا ہے۔